کمالات آدمیہ میں یعنی کمالات حضرت آدم علیہ السلام میں ضمناً اور علی ہذا القیاس مقام
توکل اور اخلاص اور رضا بالقضا اور صدق وعدہ جو کہ عمدہ کمالات اسماعیلی میں سے
تھا علیہ السلام کہ بسبب نور مذکور قدم بقدم اپنی والد بزرگوار کی تھے جیسا کہ قصہ ذبیح
میں گذرا علیہما السلام اور حضرت خاتم النبیین صلعم نے کبھی عہد خلاف نہیں کیا اور
وعدہ شفاعت کبری کیا کچھ بڑا کمال ہے حضرت کا صلعم رزقنا اللہ تعالی فی حط سیئات
ورفع الدرجات آمین — اور منجملہ کمالات ادریسی میں سے علیہ السلام بموجب قول
حق تعالی جلشانہ انہ کان صدیقاً نبیاً ورفعناہ مکاناً علیاً داخل ہونا جنت میں قبل از یہ
عالم الطبور دخول غیر متعارف شرعی کے یعنی قبل از یوم حشر بموجب اکثر روایات کے پس
دخول حضرت بلال رض بموجب احادیث کے قال رسول اللہ صلعم بما ارجی عملک دخلت الجنۃ
فوجدت فیہا خشخشۃ نعالک فقال ارجی عملی عندی کلما توضأت صلیت رکعتین اور علی ای حال
حال دخول جنت رمیصا اور کسی روایت میں لفظ غمیصا وغیرہ یا حضرت صلعم نے کہ دیکھا
یعنی ام سلیم کو کہ جسکا لقب رمیصا ہی یعنی ڈھیلڈبالی عورت اور لقب غمیصا رہے
یعنی چوندہلی عورت کہ لقب اونکا وارد روایات احادیث ہے اور مشہور یہی یا اور یہ
ام سلیم والدہ حضرت انس رض صحابی خادم رسول اللہ صلعم ہیں اور ام سلیم مذکور بہی
صحابیہ ہیں معلوم ہو کہ اگر لقب ناخوش بنظر حقارت نہو اور غالباً بیان واقعی ہو
تو جائز ہے اور کثرت اور شہرت کی سبب سے معنی وصفی پر نظر نہیں رہتی بمنزلہ علم ہو جاتے ہیں

مثل عبد الرحمان الاعرج وارد و اسناد ابی ہریرہ رض تو داخل مع عید ولا تنابزوا
بالالقاب نہین پس اگر متبتین خاتم النبیین مراد رکہین اس لقب خاتم سے تو چندان
مضائقہ نہین اگرچہ نظر بالتباس صوری بہتر تو نہین مگر وہ صاحب تو معنی وصفی پر
جم رہے ہین جیسا کہ اعور لقب مشہور رجال اسانید احادیث مین صحاح ستہ وغیرہ مین
شائع و ذائع ہے بلا نکیر جب حال صحابہ یہ ہو تو کیا کچھ دلالت ہی شرف رتبہ حضرت
خاتم النبیین پر صلعم اور آپ نے صلعم ایک عورت سے وعدہ کیا اوسنے عرض کیا کہ جو
مین آپکو نہ پاؤن اگر نہ آیا کہ جو مجھکو نہ پاوے تو تو حضرت ابو بکر کے پاس آ تا پس آپ کا وعدہ متوحش
ہوا کیا کچھ بڑی فضیلت ہے کہ اپنے وعدہ مین شامل کیا اور نیز دلیل خلافت حضرت
ابو بکر ہے رض فافہم جیسا کہ یہہ روایت سنن ابی داود مین ہے اور مشکوۃ شریف
مین بہی ہے اور منجملہ کمالات موسی علیہ السلام سے عصا اور ید بیضا ہی سو حضرت
خاتم النبیین صلعم کی خدمت بابرکت سے وقت شب بعد نماز عشا دو صحابہ نے قصد
اپنی اپنی گہر جانا کا کیا جب راستہ دونوں کا مشترک رہا تب تک عصا ایک صحابی کا مثل
مشعل مشتعل رہا جب راہ متفرق ہوا عصا دوسری صحابی کا بہی ویسا ہی روشن
ہوگیا نام ہر دو صحابی مذکور اسید بن حضیر اور عباد بن بشیر ہے چنانچہ یہہ حدیث الشریف
مشکوۃ شریف مین بہی ہے اور نیز بخاری وغیرہ مین علی ہذا القیاس روایۃ قتادہ بن
النعمان رض صحابی مشہور مین بعد نماز عشا کی جو حضرت خاتم النبیین صلعم کے ساتہہ گذاری
تہی اور رات اندہیاری ان کی تہی حضرت صلعم نے ایک شاخ خرما اونکی ہاتہہ مین دی
اور فرمایا کہ اسکی روشنی مین جو پس و پیش دس دس گز ہو گی اپنی گہر جا اور جب تو گہر مین
اپنی داخل ہوگا وہان سانپ سیاہ ہوگا اس سے اوسکو مار ڈالنا اور باہر نکالکر
ڈالدینا یہہ روایت کی ہے ابو نعیم نے پس ظاہر ہوا کہ حضرت موسی علیہ السلام کا عصا
خود سانپ ہو جاتا تہا اور یہہ عصا سانپ کش تہا کسقدر دلالت ہی شرف رتبہ پر

اور واسطہ نہ گذرتی کسیکو یہ کہ فضیلت ہوتی ہے اور یہ تہی سکے اسواسطی کہ یہ فضیلت
صحابہ نہ تہی بلکہ یہ فضیلت آنحضرت صلعم سے ہے اسواسطی کہ بدون وساطت آنحضرت
صلعم کیا امکان تہا کہ ایسی امور فاضلہ کا صدور ہو صحابہ سی اور علی ہذا القیاس
روایت حمزہ اسلمی سے ہی کہ ہم ہمراہ آنحضرت صلعم کے تہی سفر مین متفرق ہوگئی
شب تاریک تہا مین میری انگلیان روشن ہوگئین اوس روشنی مین ہم سب جمع ہوگئے
کوئی ہلاک نہوا اور میری انگستان روشن تہین اور نیز آنحضرت صلعم نے ایک صحابی کو
واسطی دعوت کی اور ہدایت اوسکی قوم کی بہیجا تہا اوسنی نشانی طلب کی آپ
نے اپنی انگشت مبارک درمیان دونوں آنکہون اوسکی کے ماری اوسجگہہ ایک
سفیدی اور نور ظاہر ہوگیا مانند روشنی ید بیضا حضرت موسی علیہ السلام اوسنی عرض
کیا کہ مین ڈرتا ہون کہ آدمیونکو خیال مرض برص کا ہوگا آنحضرت صلعم نے اوسکو
اپنی کوڑی مبارک کے ساتہہ مٹا لیا پس غور کامل درکار ہی کہ ہرگاہ حال غلامان
آنحضرت صلعم یہی تو پہر آپکی شان تو بس رفیع ہے اور وہ بہی شان آنحضرت صلعم
ہی ہے جیسا کہ توجیہ عنقریب گذری اب غور درکار ہی کہ جب اشاعت دین
محمدی صلعم اور تائید ظاہری اور باطنی صحابہ جو انبیاء نہ تہی مانند کارروائی انبیاء
اولوالعزم کرائے تو کیا ضرورت رہی خوارق ثبت بلکہ اسی مین آنحضرت صلعم کے
شان مبارک زیادہ ہے فافہم ثبت اور عصاء حضرت موسی علیہ السلام سے دریاء
نیل چرپٹ گیا اور اس سے زیادہ یہ معجزہ ہے کہ آپ نے باشارہ انگشت مبارک
شق قمر کردیا اور تصرف سماوی اور ارضی مین فرق زمین و آسمان ہے اور معراج
حضرت موسی علیہ السلام تا بکوہ طور سینا تہی اور معراج حضرت سراج الانبیاء صلعم
تا بلامکان ہوئی اور درخواست حضرت موسی علیہ السلام رب ارنی انظر الیک
ہوئی اور نسبت حضرت خاتم الانبیاء صلعم — الم تر الی ربک کیف مد الظل او جا بجا

یہہ کلمہ الم تر قرآن مجید مین نسبت آنحضرت صلعم موجود ہے جاننا چاہیے کہ اس درخواست

پر حضرت موسی علیہ السلام نے داغ لن ترانی کہایا اور خاتم النبیین صلعم سے خود درخواست

کی درخواست ارشاد ہی اور ہدایتی یعنی دیکھہ تو طرف رب اپنی کی آور فرق درمیان

ان دونون امر کے یہ ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام نے حسب حوصلہ استعداد

اپنی کے درخواست رویتہ الہی جلشانہ اس دار دنیا مین جو محال ہے کی لی باکانہ

مدہوشانہ اور آنحضرت صلعم نے جو حسب حوصلہ استعداد وافر اپنی کے اس امر کو محال

جانکر درخواست نکی اور پاس ادب رکہا اور مدہوش نہ ہوے اور نہ بیباک ہوئے نہ

حضرت موسی کے ارشاد ہوا کہ کیا نہین دیکہا تو نے طرف رب اپنی کے یعنی دیکہہ

تو طرف نشانیون قدرت اپنی رب کی اور طرف مظاہر صفات اپنی رب کی بخلاف

حضرت موسی کے کہ انکو ارشاد ہوا کہ تو جو دیکہتا ہے ایک امر محال کے نسبت اس

دار کی یعنی دار دنیا کی گو فی نفسہ وہ آخرت مین جائز ہے اس عبارت مین بطور

مناظرہ کی بصورت الزام حجتہ استدلالی کے حوالہ طرف جبل طور سینا کی ہوا فافہم

فافہم کنہ المقام اگرچہ معنی الم ترکی اور روایات مین مانند الم تر ان الفلک تجری

فی البحر الم تعلم مین مگر اس آیتہ ظل مین یعنی الم تر الی ربک

کیف مد الظل مین بسبب صلہ لفظ الی کے معنی الم تعلم درست نہین ہوتی لہذا یہ

توجیہہ جوینی کی یہ سب صحیح ہے یعنی دیکہہ اب جاننا چاہیے کہ رتبہ عالی کونسا ہے

اور ان استفسر مکانہ فسوف ترانی اس آیتہ مین رد ہی مذہب شیعہ رفضہ اور معتزلہ

پر کہ وہ منکر ہین رویت الہی کے مطلقاً دار دنیا اور دار آخرت مین اسواسطے کہ

استقرار جبل ممکن تہا تو تعلیق بالمحال مطلقاً ہوا نسبت رویتہ کی معلوم ہوا رویتہ مطلقاً

محال نہین بلکہ محال ہے ساتہہ قید اس دار دنیا کی اور حضرت موسی کو بسبب قلت

استعداد کے حکم ورزش ہوا نسبت تجلی کے کسوت تا رنجری مین اور ندا ہوئی یا موسی

انّی انا اللہ رب العلمین اور نیز حکم ہوا واسلک یدک فی جیبک عصا کی کہ اعتقاد غیر پر تھا سانپ ہی اور
پھر اوسکو سانپ کر دکھایا کہ انجام کار اعتقاد غیر کا یہی ہے اور پھر ارشاد ہوا لا تخف انّی
لا یخاف لدیّ المرسلون اور حضرت خاتم النبیین صلعم کی نسبت بلا ورزش اول ہی
مرحلہ مین ارشاد ہوا ما زاغ البصر وما طغیٰ لقد رأی من آیات ربہ الکبریٰ یہ بین تفاوت
رہ از کجاست تا بکجا وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ وعلی جمیع المرسلین وآلہ وصحبہ اور حضرت
کے حق مین ارشاد ہے نور علی نور یہدی اللہ لنورہ من یشاء اس واسطے کہ سب انبیاء
نور ہین اور آنحضرت صلعم نور علی نور ہین سبحان اللہ کیا رتبہ عالی ہے اور واسطے حضرت
موسیٰ کے چشمہ نکلنا سنگ سے جو ایک امر متعارف ہے اگرچہ اسمین اعجاز ہے کہ وہ
سنگ مقطوع تھا اور ہمراہ رہتا تھا مرکز انجبال تھا جو باعث استغراب ہوتا مگر ایک طرح کی
مناسبت تو ہے چندان امر ناشناختہ نہین بخلاف اسکی کہ آنحضرت صلعم کی انگشتان
مبارک سے چشمہ جاری ہوئے کہ مناسبت ہی نہین یہ امر اعجز الاعجازات اور افضل المعجزات
ہوا اور حسن ملیح آنحضرت صلعم کا بہ نسبت حسن صبیح حضرت یوسف علیہ السلام کے بالاتر تھا
کہ فرمایا انا املح واخی یوسف اصبح یہہ روایت تفسیر سورہ یوسف علیہ السلام معالم رحمۃ اللہ علیہ مین
مذکور ہے یعنی میرا حسن نمکین ہے اور حسن یوسف سفید ہے یعنی بے نمک ہے اور حیا
اور لحاظ اور پاسداری آنحضرت صلعم کی نسبت اور حضرت انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے
جو کمال اصل ہے اور بواسطہ اخلاق عظیمہ کے بموجب کریمہ انک لعلیٰ خلق عظیم بالاتر ہی فرمایا
آنحضرت صلعم نے کہ مین عفریت کو یعنی ایک دیو سرکش کو جو میری نماز قطع کرنے آیا تھا پکڑ کر
چھوڑ دیا بسبب لحاظ دعوت بھائی سلیمان علیہ السلام کے ۔ رب ہب لی ملکا لا ینبغی لاحد
من بعدی انک انت الوہاب ورنہ ستون مسجد سے باندھ دیتا لڑکے مدینہ منورہ کے
اوس سے کھیلتے غور درکار ہے کہ اسمین لحاظ اور حیا اور پاسداری بھی کمال ہے
اور زور آوری بھی اور تصرف مخلوق قوی پر بھی کمال ہے کہ پکڑ لینا حضرت الوہیت

صحابی رضہ کا باتہہ ابلیس شیطان کو جبوقت چوری کرکے لے چلا تہا غلہ وغیرہ صدقات
کو وقت لغینا انی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے اوپر انہی صدقات کے اور منت سماجت کرکے
چہوٹ بول کر کہ پہر نہ آؤ ونکا خلاصی پائی دو رات یہہ حال رہا اور آنحضرت صلعم براہ
اعجاز فرماتے رہے حکایت اس قصہ شبینہ کی بدین الفاظ کہ ما فعل اسیرک البارحۃ یعنی
کیا ہوا قیدی تیرا کل کی رات کا یا کل کی شام کا ابی ابو ہریرہ اور فرماتی رہے
کہ کہتا وہ پہر آویگا اور تعلیم کرگیا اونکو آیت الکرسی اس اقرار پر کہ مجکو چہوڑ دی پہر نہ آؤنگا
لا یقربک شیطان اسکی تاثیر یہ ہے کہ شیطان بہاگ جاتا ہے اس سے اور آنحضرت
فرماتے رہی کہ وہ اگرچہ جہوٹا ہے مگر اس تعلیم آیۃ الکرسی مین اور اوسکی تاثیر مین سچا ہی
غرضکہ کیا تصرف عظیم ہے آنحضرت صلعم کا کہ ایک صحابی کا یہ تصرف ہوا اور اس حدیث
سے یہ واضح ہوا کہ کبہی نفع دین کا مرد فاسق سے بہی ہوجاتا ہی اور ایسا امر مندرج
کا فاسق سے جائز ہی البشر طیکہ اوسکو عادل تصدیق اور تسلیم کری جنانچہ وارد حدیث
شریف ہے ان اللہ یؤید ہذا الدین بالرجل الفاسق فافہم اور بمقابلہ اعجاز جلنی تخت
حضرت سلیمان علیہ السلام کی ہوا پر کل مسافت صباح و مسا آمد رفت یمن سے شام
تک اور شام سے یمن تک صبح و شام تہی براق آنحضرت صلعم کا بہی براق کو ہوا سے
کیا نسبت وارد حدیث شریف صحاح ہے یضع حافرہ عند اقصی طرفہ یعنی جہانتک
اوسکی نظر جاتی تہی وہان پر اوسکا قدم پڑتا تہا اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا لشکر
جن و انس تہا آپ کا لشکر جن اور انس اور ملایک ملکہ ہمراہ براق کے آمد رفت مین بطور سیاحت
مرکب براق اور عبدہ لقایت وجوبداری طرفوا طرفو اور السیک السیک گویان یعنی ہٹو
بڑہو ایک طرف ہوجاؤ الگ ہوجاؤ ویکہان شاطری وچستی وچالاکی حضرت جبرئیل علیہ
حاضر ہے اور پہر اپنے مکان سے سر ہو تجاوز نکیا یعنی سدرۃ المنتہی سے ۔ اور اعظم
تصرفات اور آیات معجزات سے ہی حضرت عیسی علیہ السلام کے ابرا اکمہ مادرزاد نابینا اور

ابرص سفید بدن والا سبب مرض برص کے کہ لاعلاج امراض مین ہیں پس صدور و ظہور ان
امور کا آنحضرت صلعم سے مروی ہے کہ روز جنگ احد صدمہ زخم سے آنکھ حضرت قتادہ
صحابی رضہ کا حدقہ چشم سی نکلکر باہر آپڑی آنحضرت صلعم نے اوسکو اوسکی خانہ مین رکھدیا
پہلی سے آنکھ بہتر ہوگئی دوسری آنکھ درد کرتی یہ آنکھ کبہی درد نکرتی اور اوس سے زیادہ
تر روشن تہی اور عورۂ معاذ بن عفرا کو مرض برص کا تہا آنحضرت صلعم سے عرض حال کیا
آپکی دست مبارک مین جو دستی تہی اوس سے چہو دیا حقتعالی جلشانہ نے شفا عطا کردی
اسکو امام بیہقی نے روایت کیا ہی دلایل النبوۃ مین اور صاحب مواہب لدنیہ نے بہی اس
روایت کو نقل کیا اور ایک شخص نے آکر عرض کیا اگر میری دختر کو یا رسول اللہ آپ زندہ
کردین تو مین ایمان لاؤن آپ نے فرمایا اوسکی قبر پر کہڑا ہو کر آواز دی فلانی آندر
سے قبر کے آواز آئی لبیک وسعدیک یا رسول اللہ آپنی فرمایا کہ دنیا مین پہر آنا تجکو
منظور ہے اوسنی عرض کیا کہ واللہ آخرت کو دنیا سی بہتر پایا اور چند بار احیاء اموات
کا معجزہ آپ سی صادر ہوا چنانچہ شواہد النبوۃ مین حضرت انس بن مالک رضہ سی روایت
ہے کہ ایک عورت پیر ضعیفہ کا جوان بیٹا مرگیا جسوقت اوسکو دفن کیا اوسنی کہا خداوندا
تو دانا ہے کہ مینی ہجرت کی تیرے رسول کیطرف اس امید پر کہ میری تو مدد کرے گا
اور فریاد رسی کریگا پس ایک شدت اور محنت مین مجہہ پر اسقدر بوجہ مت رکہہ معصیت کا یعنی
مجہہ سے بیصبری ہوگی جو باعث ہوگی معصیت کی پہر اوس جوان کے موہہ سے کپڑا ادور کیا
وہ زندہ ہوگیا اور ہمارے ساتہہ کہانا کہایا اور ایک روایت مین ہے کہ پہر مرگیا یہہ
مورد محل صحابہ سی داخل معجزہ کے تہا ایک عمدہ نکتہ ہے کہ حضرات صحابہ سے جب ایسا ثابت
ہو تو آنحضرت کی صلعم شان تو بس بلند ہی یہ سب کرامات راجع اور عاید طرف معجزات
کے ہین اور مواہب لدنیہ مین مروی ہے نعمان بن بشیر صحابی سے رضہ زید بن خارجہ
سرداران انصار سی تہی رضہ اثناء راہ مین محلہ اسواق مدینہ منورہ کی چلی جاتی تہے

مابین ظہر اور عصر کے منہہ کے بل گرکر مرگئی انصار کی عورتان اور مرد آگر گریہ وزاری
کرنے لگی یہانتک کہ درمیان مغرب اور عشار کی اونکی آوازسنی کہتی ہتے
محمد رسول اللہ النبی الامی خاتم النبیین لا نبی بعدہ وکان ذالک فی الکتاب الاول
وصدق صدق ہذا رسول اللہ السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ روایت
کیا ہے اسکو ابن ابی الدنیا نی کتاب من عاش بعد الموت مین اور یہہ روایت
نہایت موید ہی ہماری دلایل کو اور اس قسم کی روایات دربارہ معجزات بہت کچھہ
مدارج النبوۃ مولفہ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی قدس سرہ مین مروی ہین یہ
ہی کفایت کرتی ہین اگر شبہہ کیا جاوی کہ یہہ مردہ شاید مسکوت ہوگئی ہون
اور زندہ ہون تو غلط ہی اسواسطی کہ حاضرین اوسوقت کی بے تنقیح اس امر کی
بالمعاینہ کرتی تہی ایسا شبہہ قابل اعتبار نہین کہ سکتہ امر حسی ہین سے امتیاز
درمیان سکتہ اور مردہ کے بس متعارف شایع ذایع ہے اور قطع نظر اس سے
احیاء اموات امور ممکنات مین سے ہی نہ ممتنعات ایسی معجزہ حضرت عیسی علیہ السلام
اور اونکی اتباع کا ثابت ہی ہرگز مستبعد نہین اور نہ کوئی دلیل شرعی اسکی امتناع
شرعی ہونے پر قایم ہوئی ہے اگر چہ ممتنع عقلی ہو کیونکہ تا وقتیکہ امتناع شرعی ہو
ہمکو اوسکی پیروی لازم نہین بسا ممکن عقلی ممتنع شرعی ہین مانند سحر کی یہہ امر اس
قبیل سے نہین بلکہ ثابت الاصل ہی عقلاً و ہم شرعاً فافہم اور یہہ امر ایسی خصایص
عیسوی مین سے شرعاً نہین ثابت ہوا کہ اور انبیا تک انبیاء پیشین اور انبیا پیشین
تک یا اونکی اتباع تک تجاوز نکری حضرت ابراہیم علیہ السلام سی منصوص قرآنی ہے
قولہ تعالی واذ قال ابراہیم رب ارنی کیف تحی الموتی قال اولم تؤمن قال بلی ولکن
لیطمئن قلبی قال فخذ اربعۃ من الطیر فصرہن الیک ثم اجعل علی کل جبل منہن جزاً ثم
ادعہن یاتینک سعیا واعلم ان اللہ عزیز حکیم اور قصہ اذ ارسلنا الیہم اثنین فکذبوہما

فوزنا بثالث موجود ہے تفسیرون مین سے ملاحظہ کرنا چاہئی اور اس رسالہ مین بھی کسی
قسطاس مین تحریر ہو چکا ہے اور اگر یہہ کہا جاوی کہ یہہ معجزہ سورہ یٰسین مین اوسکا منسوب
ہی طرف عیسیٰ علیہ السلام کی تو تو مراد صدور اس امر کا یعنی احیاء اموات کا صحابہ کرام
سے منسوب ہی طرف آنحضرت صلعم کی قبائل اور صدور معجزہ احیاء والدین انبی کا
آنحضرت صلعم سی ثابت ہی اور ایمان لانے مین اونکی اختلاف ہی یہہ امر آخر ہے اگرچہ
نزدیک متقدمین محدثین کے ایمان لانا اونکا صحیح نہین مگر نزدیک متاخرین کے ثابت ہی
اونہون نے ثابت کرکے پایہ ثبوت کو پہونچا دیا ہے حضرت اوستادی اوستاد الآفاق
تاج المحدثین مولانا محمد اسحاق محدث قدس سرہ ہی وقت سند جامع الاصول کے کہ اوس روز
نوبت قراءۃ سبق مین مولوی بار علی صاحب عظیم آبادی کی تہی ۱۲۵۸ ہجری مین مجکو یاد ہی یہی
سنا فرمایا تین قول مین سے قول حقیر اس باب مین سکوت ہی احتیاطاً اگرچہ یہہ دو قول
بہی فرماتے تہی کہ موت اوپر کفر کے ہوئی یا اللہ تعالیٰ نے اونکو زندہ کیا اور وہ ایمان
لائے اور ان دونون قول حقیر عدم ایمان عرفانی ہے اور اعلی اور افضل اور اشہر
اور ابقی اور ادوم اور اظہر اور اہر معجزات حضرت خاتم النبیین صلعم مین سے کلام اللہ تعالیٰ
فرقان حمید قرآن مجید ہی کہ تا قیام قیامت مستمر اور پایندہ اور متلو اور محفوظ لفظاً
ومعنی لفظاً وقراءۃ ہی مشتمل ہے اوپر کمال فصاحت اور بلاغت کے کہ عند التحدی والمقابلہ
فصحا و بلغاء عرب اور فتح اونکی کے بنا لائے ایک سورت سی کیا بلکہ ایک آیت سی بہی
عاجز ہو گئی قولہ تعالیٰ قل فاتوا بسورۃ من مثلہ وادعوا شہداءکم من دون اللہ ان کنتم صادقین
اور سورہ ہود علیہ السلام مین ام یقولون افتراہ قل فاتوا بعشر سور مثلہ مفتریات وادعوا
من استطعتم من دون اللہ ان کنتم صادقین نہایت کار نظر بکمال اعجاز ارشاد ہوا کہ قل لئن
اجتمعت الجن والانس علی ان یاتوا بمثل ہذا القرآن لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضہم لبعض ظہیرا
اسواسطے کہ سراپا قرآن شریف غایت اعجاز فصاحت و بلاغت مین ہے جو عوام مقابلہ

تہامِ قرآن شریف کوئی کتاب پوری اور عبارت پوری بنالاؤ خواہ کوئی آیۃ کوئی
صورت جو جز رہے بلا تفصیل و بلا تعیین بنالاؤ وفا فہم اور جانا چاہیے کہ خارج کرنا ملایکہ
کو اس آیۃ میں سے اور نہ شامل کرنا اونکا ساتھ جن و انس کے باوجود ہونے کے
ذوی العقول میں سے اس وجہ سے ہی کہ ملایکہ معصوم ہیں مدعی اور معارض اور متحدی
قرآن شریف کی نہ تہی اور معہذا ضمنا عجز ملایکہ بہی فی نفسہ لازم آیا اسلیے کہ سرگاہ جن
و انس باوصف مولاے موجد انشا اور انشا آموز کی عاجز آئی تو ملایکہ تو بطریق اولی
عاجز ہیں اور سب گروہ ملایکہ میں اعلم حضرت جبرئیل علیہ السلام حامل وحی ہیں اونکی نسبت خود
لفظا میں قرآن شریف میں نازل ہے اور مقابلہ منافی ہے ایسی بات کو جسکی عظمت کا
اعتراف ہو اور فوقیت کا اقرار قدیم اور یہ عرض جواب جانب ملایکہ سی کہ اتجعل فیہا من یفسد فیہا
ویسفک الدماء ونحن نسبح بحمدک ونقدس لک بروقت فرمانی حق تبارک و تعالی کے انی جاعل
فی الارض خلیفہ بطور مقابلہ اور مفاخرت نہ تہا بلکہ بطور مناصحت حسب لیاقت اور حوصلہ اپنے
کی تہا براہ لی علمی کے جسکا جواب یہ پایا قال انی اعلم ما لا تعلمون اور بطرز امتحان کی تہا
اور واسطے اظہار شرف رتبہ انسان کے فافہم اور نزول کتب سماوی اکثر زبان عجم میں ہی
اور قرآن شریف کا نزول بعبارۃ عربی بے شک زبان عربی افصح اور ابلغ ہی سب
زبانوں سے اور فایق وارد احادیث مشاہیر ہی لسان اہل الجنۃ عربی اگرچہ بطور
روایت قرطاسی کے بعض حواشی در مختار پر نظر سے گذرا کہ زبان اہل جہنم کی دری
ہے اور دری زبان فارسی لغت بلخ ہے معطا اور اگر خطرہ مخطور ہوکہ اور کتب منزلہ
اور فرقان حمید دونوں کلام الہی ہیں پھر یہ تفاوت فصاحت بلاغت کیا ہے بلکہ یہ بات ہو اگر ہی متفاوت الفصاحت والبلاغت میں ہی تو ہے
کہ بعض کلام الہی پر بعض کے فائق ہی فصاحت بلاغت میں بارادہ الہی واسطے اظہار عظمت رتبہ کے مانند تفاوت مراتب ہمگی رسل علیہ السلام
کے تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض ایسا تفاوت جو مشابہ ہے اور مساوی ہو کلام
مخلوق کے جیسا کہ غیر نبی اور رسول مساوی نہیں نبی اور رسول کو کیونکہ مقتضای لفظ

بعضہم علی بعض یہی ہے علی ہذا القیاس فتنبہ اور جانا جاہیئے کہ عمدہ اعجاز عیسوی علیہ السلام
اوسکا احیاء اموات اور شفاء مرضی تہا یہ بہی بیشک اعجاز قرآن مجید اصلا نہین ہو سکتا
اسواسطے کہ اعجاز قرآنی باعث احیاء حیات روحانی ہے جو عبارت ہی احیاء ایمانی
سے اور یہ مستمر اور دائم ہی اور وہ اعجاز عیسوی ایک امر آنی غیر مستمر تہا بہ نسبت
اعجاز قرآنی کے اور احیاء ایمانی کے اور اگر یہ عذر کیا جاوی کہ احیاء روحانی انجیل
مقدس سے بہی حاصل تہی پس جواب اسکا ظاہر ہی کہ برکات انجیل مشابہ برکات قرآن مجید
ہرگز نہین کما و کیفا و زمانا فاحفظ پس خلاصہ یہ ہی کہ ذات بابرکات عالی صفات متعالی سمات
حضرت سید کائنات خاتم النبیین آخر المرسلین سید الاولین والآخرین علیہ افضل الصلوۃ
والتسلیم جامع جمیع کمالات تمامہ انبیاء و مرسلین اور مجموعہ جمالات سائر رسل بل کمالات
اجمعین الکتعین البصعین مع شی زائد و امر نافل ہے پس معنی عزیز مسمی بہ مندرجہ اثر مذکور
جو قدم بقدم مین حضرت خاتم النبیین کے جو بادی ہین طبقات سافلہ کے مانند اور ادم
اور نوح وغیرہ اور وسطی اور اوائل کے بشر طوجود متکلمین و ہان اور غیر نبی ہین جسکو
براہ مبالغہ اثر مذکور مین لفظ نبی مجازا تعبیر کیا اور دلایل ترجیح اسکی سے تمام قساطیس
مشحون و ممتلی ہین وہ سب اوائل اور اواسط اور اواخر مستفید ہین آثار و اطوار
سے اور منور ہین انوار سی اپنی اپنی متبوع کے طبقہ ارض علیا ہی جسکی ہمنام ہین اور یہ
مطلب مشرح کیا بلکہ موضح ہے تحقیق شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ مندرجہ کتاب
انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ سی کہ قدم بعض اولیاء بر اقدام بعض انبیاء ہی حضرت ابراہیم
اور حضرت آدم اور حضرت موسی اور حضرت عیسی اور حضرت خاتم الانبیاء علیہم السلام
جس جگہ یہ تحقیق کی ہے اصطلاح نظر بر قدم اصطلاح صوفیہ کرام کی واللہ اعلم۔

قسطاس سی و پنجم متعلق اون قساطیس کے جو مشتمل ہین اوپر رفع بعض شبہات کے
جو نا ثبت مین منافی غیر مستقیمہ ہے اور متضمن ہین دفع خدشات کو جو نا ثبت مین منافات متخیلہ

ہے اور صفت ارتش آ بداس قسم کی امور کا فضلا کو آفات صالات ہوتا ہی یا عجلت
اوقات سوء منجلہ سوء تدبیری ہے نہ از قسم نقص فضل و کمال اس قسم کے باتغزی منظر
ستا صحت مکارگری و مصالحت صحت نظری واجب الاطلاع اور لازم الانبیاء ہی بحکم حدیث
شریف الدین النصیحۃ الحذر الحذر قسطاس سی و ششم دہوکا ہوا اس توجیہ پر کہ
بالفرض اگر یہہ کہا جاوی کہ فقرہ اخیرہ اثر مذکور یعنی فیہ نبی کنبیکم سی ظاہر ہی کہ صرف
تشبیہ فی التسمیہ ہی مراد نہیں بلکہ تشبیہ فی المرتبہ والوصف مراد ہی مانند لکل فرعون موسی
یعنی لکل مبطل محق معلوم ہوا اسلیئے کہ اول تو یہہ نظیر مذکور صرف تشبیہ وصفی ہے کی اسمی مع عمرو
سے بغیر لحاظ التسمیہ کی و ثانیاً اگر از قبیل تشارک وصفی اور تشارک اسمی علی اختلاف
الروایات اثر مذکور مین کہا جاوی تو مضایقہ نہیں کیونکہ روایت فیہ محمد کمحمدکم ہی ہے نام
اور انبیاء علیہم السلام کی ناموں کے جیسا کہ اوسمین تشارک اسمی اور وصفی ہے اور
قطع نظر اس سے پہر بہی تو خاتمیت خواتم ستہ اس تحبث سی ثابت نہیں ہوئی بلکہ صرف مرتبہ
نبوت مین تشبیہ ثابت ہوئی کے سوا اور کیا ثابت ہوتا ہی سو وہ البتہ تشبیہ نبی بارہ
وصف ہدایت اور نذارہ غیر حقیقی کے اور تذکیر اور توعیظ کے موافق توجیہ امام قسطلانی
اور امام زرقانی اور امام سیوطی وغیرہ کی وہ مسلم ہی جیسا کہ قسطاسون سابقہ مین
مدلل ہوچکا اور مستقبلہ مین ہوتا چلا آتا ہے اور اگر یہہ کہا جاوی کہ مراد اس سے وہ مرتبہ
نبوت ہی جو ماخوذ ہے ساتہہ وصف خاتمیتہ کی یعنی خاتمیتہ مطلقہ کی اول تو تشبیہ مین
جمیع اوصاف ملحوظ نہیں ہوتی والا پہر خاتمیتہ مطلقہ عامہ شاملہ جمیع طبقات کیا بلکہ از عرش
تا فرش جو خاصہ مختصہ خاتم حقیقی ہے صلعم وہ واسطی خواتم ستہ کی ثابت ہوتا ہی نہ خاتمیتہ
اضافیہ مقیدہ اسلیئے کہ وصف خاتمیتہ مطلقہ اوصاف مخصوصہ خاتم حقیقی مین سی ہی ہے
صلعم یعنی یہہ خواتم ستہ بہی خاتم مطلق ہین یا نعوذ باللہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم مطلق کے نفس مضمون
مذکوری بالاطلاق ہین نہ خاتم اضافی ہین تو یہ خلاف المفروض اور اضافتہ اوپنی سے

اور تشبیہ اور شی لیس تشبیہ کو جو صریح لفظ اوسکا اثر مذکور مین معتبرہ کنتم مین وارد ہی دربارہ
اثبات خاتمیہ مطلقہ ہو یا مقیدہ کیا دخل کہ وہ خواہ مخواہ اوسکو مستلزم ہو پس ایک امر
محتمل قابل استدلال نہین ہو سکتا ہے اگرچہ اضافہ مین فی الجملہ مناسبت ہو ساتھہ حقیقت
کے ایک امر وصفی ہین فی نفسہ مانند خاتمیہ کی مانحن فیہ مین مگر وہ مناسبت بھی مانحن فیہ
مین ایک امر اعتباری ہے کہ جسکا منشا ثبوت شرعی نہین کہتا اس بحث مانحن فیہ
مین اور پھر اوسکا منشا جو غیر شرعی ہے وہ بھی ایک امر ہی امور لابدہ اعتباریہ مین سے
بخلاف مشابہت مذکورہ کی جو مصرحہ فی الاثر المذکور ہی اس صورت مین امر تحقیقی ہین سے
ہی کہ جسکا منشا امور قریبہ محققہ مین سے ہی خصوص مانحن فیہ مین فافترقا مگر وہ بھی بسبب
ہونی احتمال کے باطل الاستدلال ہے جیسا کہ گذرا پس اطلاق خواتم تشبیہی نہ کہنا چاہیے
بلکہ امثالی مثلی کہنا چاہیے بطور افراد متماثلہ متجانسہ متنوعہ بنوع واحد متحد الحقائق کے اور
نہ اضافی سو یہہ خلاف قرار دادہی پس اضافہ جو ایک امر عدمی انتزاعی تہا وہ متبدل
با مر وجودی تحقیقی ہو گیا اور یہہ امر باطل ہے اسلیے کہ ما بالتحقیق ما بالاعتبار نہین ہو سکتا
اور نہ عکس اسکا والا یعنی مرتبہ نبوت خواتم ستہ ماخوذ ہی ساتہہ وصف خاتمیہ مقیدہ اضافیہ
کی تہا ایک وصف زایدہی ثبوت اسکا بدلیل شرعی درکار ہی نہ عقلی اور بصورت اطلاق
مرتبہ مذکورہ یعنی مرتبہ خاتمیہ بطرز عموم و شمول ہر دو مرتبہ خاتمیہ کو یعنی خاتمیہ مطلقہ کو
اور نیز مقیدہ کو تب بھی تو مراد فرد کامل ہوگا یعنی خاتمیہ مطلقہ جو خصیصہ ہی خاتم حقیقی
کا صلعم پس بالضرور محذور مذکور قایم ہے اور یہہ خاتمیہ مقیدہ وہ شی ہے کہ جس سے علاقہ
تشبیہ کو بنانا چاہتی ہین اور استحالہ تجانس اور اتحاد نوعی مذکورہ کو دور کرنا چاہتی ہین
سو یہہ امر لا یکاد و سیل جوڑ ہے جیسا کہ عنقریب محقق ہو چکا پہر وہ بھی دو حال سے خالی
نہین بغیر مشابہت ہو مانند مجاز مرسل کے مثل ید اور نعمۃ کے یا حین مشابہتہ ہو مثل استعارہ
کے مانند اس آیہ عزیزہ کی ہو الذی جعلکم خلایف فی الارض اسلیے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلعم

خاتم النبیین ہیں پس امتہ بھی اونکی خاتم الامم ہے لان محمدا صلعم خاتم النبیین فامتہ خاتمۃ
سائر الامم من تفسیر المدارک اسکو قرینہ شرعیہ کہتے ہیں اور منشاء شرعیہ کیونکہ وجود امت
خاتمیہ ساتھہ وصف خاتمیہ کی ایسا ہی ہے جیسا کہ وجود خاتمیہ نبوت حقیقیہ متحقق
الوجود ہے نہ کہ وصف اضافی اعتباری ہے اور خاتمیہ امتہ مرحومہ مذکورہ جا بجا
منصوص قطعیۃ قرآنیہ اور اخبار نبویہ اور آثار صحیحہ بلکہ کتب منزلہ سابقہ مقرون العلامات
ثابت ہے نحن الآخرون السابقون و ایت حدیث شریف وارد صحاح وغیرہ کافی ہے
اکثار اس باب میں موجب طوالت ہے معلوم ہر کہ ومہ ہے پس بہرحال ہر دو صورت
مذکورہ یعنی صورت مجاز مرسل و صورت استعارہ اس تشبیہ سے مطلب اہل مطلب
ہرگز بر آر نہیں تا وقتیکہ منشاء تشبیہ شرعی نہو اور لفظ خاتم اثر مذکور میں تصریح نہ ہو
پس معلوم ہوا کہ مراد اثر مذکور میں لفظ نبی سے ہادی غیر نبی مراد ہیں مسمی باسماء
مذکورہ الاثر المذکور اور تشبیہ امور محسوسہ میں ہو یا معنویہ میں منجملہ امر تحقیقی ہے بخلاف
اضافتہ کہ وہ منجملہ امر اعتباری ہے پس ہرین تقدیر لازم آتا ہے فقرہ اثر مذکور میں
اجتماع وجود اور عدم محل واحد میں پس ما نحن فیہ میں محل نزاع اضافتہ نہیں ہو سکتا
بلکہ محل نزاع تشبیہ ہے نفس نبوت میں جسکو متحمل اثر مذکور ہے جسکا مآل استلزام الکثرت
فی النبوت ہے مع قطع النظر عن الخاتمیۃ اور اگر اثبات تشبیہ منظور نہیں اضافتہ ہوتا تو حسب
قواعد عربیہ ممکن تھا مگر اوسکو لزوم شرکت فی النبوت مانع ہے اور بعض صورتیں یا
وارد شریعت یا انکار شریعت یا تکلیف قبل ورود شرع جیسا کہ قسطاس سابق میں
مفصل گذرا الا الطریق مجاز و استعارہ مراد ہادی غیر نبی لئی جاوین حسب اقتدار
سلف صالح مانند قسطلانی و زرقانی وغیرہ تو بہر لا اعتبار کندن ہے اور یا صورت
مطلب بر آری بتصریح بدین لفظ ہو لی فیہ خاتم کنا تحکم مگر پہر یہی صورت تشبیہ ہوئی
صورت اضافتہ بدلیل مذکور الا تجوزا بوجہہ وجود منشاء اضافت مگر پہر بھی احتیاج

تاویل خاتم مثل مانند تاویل قسطلانی وغیرہ کے بوجہ لزوم استحالہ شرکت وغیرہ
اسلیے کہ خاتم بغیر نبی نہیں ہوتا کہ امر لاحق ہے پس اثبات نبوت سادج باہمراہ تجانس
نسبت خواتم ستہ ہرگز قطعاً وقاطبتہً باطل ہے اور ہر پہلو محال مناقشہ قائم ہے اور
اگر یہہ عذر کیا جاوے کہ روایت اسمی میں یعنی فیہم محمد کنبیکم دلالت کرتی ہے اوپر خاتمیت
کی بطور ترقی کلام کے پس اول تو تقریر متقدم کافی ہوچکی اور معہذا یہہ عذر جب معتبر ہو
کہ اور انبیاء علیہم السلام کا نام اثر مذکور میں مذکور نہ ہوتا تاکہ قرینہ خصوصیت وصفی اوپر وصف
مخصوص کے ہی یعنی خاتمیت کی ہی یہہ روایت اسمی حکمی بطور ترقی کے دلالت کرتی
یعنی نبی وہاں تو خاتم ہی ہیں پس معلوم ہوا کہ وصف مشترک جو مصرح فی الاثر ہے
یعنی نفس نبوت مراد ہے جو بوجوہ مذکورہ فی القسطاس معتبر ہے ساتھہ ہدایت یا دہی
غیر نبی کے ورنہ بصورت دعوی خاتمیت کیا اور دعوی نفس نبوت کیا پہر وہی مشکل
قائم ہیں مگر جو کہ حضرت ابن عباس رضی سے اسی باب میں حدیث قدسی مروی
ہے جیسا کہ قسطاس سابقہ میں مذکور ہوچکا ولم اختم بہ النبیین بعثت لہ انبیاء یکون بعدہ
نبیا اوسکی تصریح سلب خاتمیت پر باعدا خاتم حقیقی اکتفا فرمایا بالضمن سلب نفس نبوت
کہ جسکو خاتمیہ لاحق ہے اور نیز بدون اوسکی خاتمیت غیر متصور ہے پس وہ حدیث قدسی
تفسیر اس اجمال کی ہوگئی اب جو توجیہ عقلی گہڑی جاتی ہے خلاف اس تفسیر
حضرت ابن عباس رضی ہے سو وہ قطعاً ہر پہلو باطل ہے ورنہ پہر تو یہہ کہا جاتا ہی کہ
دو حال سے خالی نہیں یا اصلاح معنی صاحب اثر ہی کہ خود صاحب اثر ہی نہیں
سمجھے معاذ اللہ یا ہنوز صاحب اثر اس کلام میں بامید اہل فہم متاخرین سعی ہے
نہیں کئے بلکہ بسبب مہمل قدسی کے ان ہر دو امر ناقص کو کہ اثر دور تک پہونچتا
ہے یعنی صاحب حدیث قدسی تک اور ابن عباس رض اور آنحضرت تو ناقل ہی ہیں فتدبر
الحذر الحذر فافہم اور معہذا روایت محمد کنبیکم کہ جسمیں تغییر اسلوب کلام نہیں ہے کہ ظاہر

ہے بلکہ غلبہ ہی جہتہ علمی کو اور بہ حیثیت وصفی اور مرتبی کے وہ روایت مزاحم حال ہے
اس جہت وصفی اور مرتبی کو اوس معنی پر جو کہ منشا ہی نبوت خاتمیہ اضافیہ مزعومہ
کا ہیں معلوم ہوا کہ وہاں ہادی غیر نبی ہیں مسمی باسماء انبیاء آدم و نوح تا بحضرت صلوٰۃ اللہ
علی نبینا وعلیہم السلام جو مشابہہ ہیں ساتھ ہر ایک نبی طبقہ علیا سی اپنی کے نفس یا ابتہ
وغیرہ اوصاف جمیلہ اور ملکات فخیمہ اور اخلاق فاضلہ میں قدم بقدم اونکی اتباع میں
فقط لا غیر الحذر الحذر واللہ اعلم وعلمہ اتم **قسطاس سی وسیتم** اگر یہ شبہہ کیا جاوے
کہ ایسے آثار کا انکار کرنا جیسے یہہ اثر مذکور کہ جسکی صحت مع الشذوذ ہے اور یہ شذوذ قادح
صحت نہیں گو قطعی الثبوت نہیں جو مفید یقین ہوا ور تکلیف عقیدہ اوسکی کی بجا دہی اور اسکی
منکر کی تکفیر کیجاوی کیونکہ احتمال خطا باقی رہتا ہی کہ حد تواتر کو نہیں پہونچی البتہ حضرت
ابن عباسؓ سی مروی ہے بطور اثر کی اور اوسکی مضمون پر انعقاد اجماع بھی نہیں یا
جو باعث تکفیر منکران ہو مگر خالی از ابتداع تو نہیں اسلئی کہ ائمہ حدیث نی بعد تصحیح کے حکم
شذوذ کا دیا جو ایسا شذوذ مطاعن حدیث سی نہیں **قطاس** رفع شبہہ مذکور یہی کہ اولاً
اسکا انکار اہل تحقیق نے مطلقاً وحلقاً نہیں کیا بلکہ اسکی اصلاح بد منظور رکی کہ جس سے اثر
مذکور میں اور آیتہ خاتمیتہ میں تطبیق حاصل ہو گئی چنانکہ اکثر قسطاسوں میں مذکور ہو چکا کہ جسکی
تسلیم سے اہل استعداد کو خلش پیدا ہو ئی کہ نوبت اوسکی ابطال پہونچی اور قطع نظر اس سے
حاصل اس شبہہ کا یہی کہ ثابت اوسکا ہی ساتھ ثبوت ظنی کے اول اہل تحقیق سے
کوئی اس اثر کا منکر نہیں ہوا اور بالفرض منکر ہوا تو منکر ظنی الثبوت پر کیا الزام ہے
کیا نہیں معلوم ہی کہ منکر واجب جو کہ واسطہ ہی درمیان فرض کے اور سنت کی نزدیک
حنفیہ کے جسکا امام شافعی انکار کرتے ہیں مبتدع ہرگز نہیں بلکہ پیشوای اہل سنت وجماعت
ہیں کیونکہ ثبوت اوسکا ہے ساتھ دلیل ظنی کے نہ ساتھ قطعی کے اور بالفرض اگر مبتدع
بھی ہوا تو ظنی ہوا اور ظاہر ہی کہ ظن کافی نہیں **قولہ تعالیٰ** ان الظن لا یغنی من الحق شیئا

قوله لعم ان لعض الظن اثم سے قبل انکو اصون اور ماثبت اسکا خاتمیت اضافیہ نسبیہ جیساکہ تحقیق ہوچکا بلکہ اکثر ماثبت اسکا حسب مزعوم اہل اشتباہ سی تو ثبوت خواتم ستہ ظنی الثبوت ہی نہ خاتمیہ بدلیل فقرہ فیہ نبی کنبیکم اور نیز فقرہ محمد کمحمدکم کے اور اور قبائح اور شنائع اس امر کے بھی روایۃً و درایۃً اور نیز دلائل عقلیہ اکثر قسطاس مین لیسا ومثل مذکور ہین پس اب انصاف درکار ہی کہ دریں صورت ثبوت خاتمیۃ کی جو کہ لطور ظنی الثبوت بھی نہین بلکہ ایک اختراع جدید ہی وہ خالی از ابتداع ہوا اور وہ تحقیق جو متضمن تطبیق بین الایۃ والاثر المذکور ہی اور مطابق تفسیر صاحب اثر ہی جو حافظ اور حامی اصل عقیدہ ملت اسلام ہی اور تخشتہ رخنہ ہی ہر قسم کی آلودگی سے نسبت عقیدہ اسلام کی وہ داخل سوء عقیدت اور جفا اور بے ادبی ہو کر محمول برابتداع واختراع ہو یا الطاف واقع نا مزد بانکار اثر مذکور ہو حالانکہ انکار اثر ناگوار اہل تحقیق ہے سلفًا وخلفًا اور قطع نظر اس سے کہ بالفرض محال صاحب اثر منسی حدیث قد نبئکم اخنم بہ النبیین الخ جو کہ تفسیر ہی مروی ہو تو حسن حالت میں میدان التطبیق وتوفیق بتاویل حسن اور توجیہ مستحسن فراخ ہو جیساکہ سب ہی قسطاس میں صراحتہً واشارۃً وکنایۃً وتلویحًا وتلمیحًا نمالبًا مبرہن ہے یہی کفایت کرتا ہی الحذر الحذر قسطاس وہی شبہ

اگر یہ شبہ واقع ہو کہ اثر مذکور مین تاسید اور تشئید معنی خاتم النبیین مخالف نہین بلکہ اوسکی تغلیط بین التیہ ثبوت مین قدح ہی کیونکہ اوس صورت انکار اثر مین منجملہ سات حصون خاتمیۃ کی ایک حصہ باقی رہتا ہی اور چھ حصہ ہاتھ سے جاتی ہین مطلبیس دفع اوس شبہ کا یہ ہی کہ اول تو یہ دعوی کہ در صورت انکار اثر مذکور زوال چھ حصوں خاتمیۃ کا لازم آتا ہی مجرد دعوی ہی کیونکہ یہ مبنی ہے اوپر ثبوت خاتمیۃ خواتم ستہ کی اس اثر مذکور سی اور وہ خیر ثابت ہی اور قطع نظر اس سے ثبوت حصص ستہ با کمالیش نسبت خاتمیۃ کے ہرگز ثابت نہین من ادعی فعلیہ البیان مع التبیان والا محذور ترکیب خاتمیہ حقیقیہ

وجود معنی دیگر جو باعث تطبیق ہو اطمینان حاصل ہے پس واضح ہوا کہ یہہ امر سراسر شبہہ ہے
تقریب تام نہیں ہے علاوہ اس تقریر سے ایک اور شبہہ بہی برطرف ہو گیا کہ عظمت
شان نبوی صلعم جو مقتضی تہی اوپر تسلیم ہفت ارضی بترتیب فوق وتحت منفاصل الطبقات
کے علی اختلاف الروایات گو روایات فاصلہ بین الطبقات موافق روایت جامع ترمذی مفسر
ارجح ہی ہیں کہ اسمیں جو منشا ہی کہ ایسی شان محمدی صلعم کا ساتہہ افراط میں جیسہ گونہ کمی ور
کمی بہی اسقدر کی اور حالانکہ عظمت شان محمدی صلعم جو عبارت ہی خاتمیت مطلقہ سی اور
فضل اور جمیل اور ختم اور وقت سی مستغنی ہی جیسا کہ مذکور ہو چکا ہان اگر یہہ امر آخر ہی کہ
لکاثر افراد امتہ جو وارد اخبار صحیحہ ہی بنا کحو تو اللہ و لکاثروا فانی اباہی بکم الامم سو النبی ایسر
امر میں تو فضل اور تفلک کو جو منشا ہی تخصص کا فی الجملہ دخل ہے ذکر لفظ شان خاتمیت مطلقہ
میں کیا بلکہ لفظ نبوت میں اور یہہ امر بیانات بلا ضرورت ایجاد خواتم ستہ ممکن ہے درصورت
انفصال طبقات ارضی سبعہ ہی بعنوان آبادی یہہ جو طبقہ ارض علیا کی جو غرقاب ہی اور
دو سات حصہ غیر معمور ہیں یہ جیسا قاعدہ تنصیف کرہ بطلاح آفاقی ستدیرہ متقاطع خطین خط
محور خط عظیم کرہ دایرہ معدل النہار سی پیدا ہوتا ہی اور آخر نقاط متواصلا اوسکا ایک جانب سی
بنقطہ قطب شمالی دیجانب دیگر سی بنقطہ قطب جنوبی کہ یہہ خانہ بادیہ جنوب میں نظر آتا ہی بوجہ جلوت
حائل خانہ کہ واقع ہی نشیب میں بنسبت قطب شمالی کے اور اسہی سبب سی سطح زمین ہی
جانب جنوبیہ نشیب میں ہی بنسبت جانب شمال کہ فراز رکہتا ہی لہذا جریان میاہ ہوا
جانب شمال سے جانب جنوب میں ہی او خط منطقۃ البروج اگرچہ مسامتۃ الراس سے تراو
اور میل کرتا ہی جانب جنوب کو گویا بدرجہ تقاطع مستوی یعنی مسامتۃ الراس سی آگے کچھ
منحرف نہیں امر تقریبی ہے اور وہ اس فن ریاضی ہیئت اور حساب میں معتبر ہے الحاصل
ہر دو قطعہ مذکورہ کرہ مذکور منقسم ہے چار چار حصہ پر اور چونکہ منجملہ قطعہ عالیہ کرہ مذکورہ ایک
ربع مسکون آبادی ہی اسمانہ قطعہ سافلہ کرہ مذکورہ ہفت ربع کرہ عالیہ غرقاب ہی لہذا

لہذا ربع مسکون کا اطلاق ہے۔ پہر کچہ ضرورت نہیں طرف ابادی کی اِت ستہ باقیہ منفصلہ محویہ بالطبقہ العلیا کی در صورت آبادی ہیاں بر ارتفاع قطعہ عکسیا ارض علیا کی بسبب زیادہ مساحت اوسکی کے نسبت طبقات عالیہ ارضی ستہ سافلہ کی تقریبًا غائبًا فافہم صورتہ ہکذا فقط

پس اب کچہ ضرورت نہیں طرف ایجاد خواتم ستہ در بارہ حصول غرض مطلوب شرعی کی یعنی لکاثر افراد امتہ بلا موونتہ دیگر توجیہات اور معنی اثر مذکور نہی ہر بار ہی تقویتہ توجیہات مسلک لا یجال وغیرہ مذکورہ سابقہ قسطاسین و رعدد طبقات سبعہ اور کرویت ارض اور سب لوازم ضروری بجاہی خود قایم رہتی ہین مگر تحقیق تنزل امر بینہن کی اس صورت مین جو موجب التباس ہے اسی باب مین وہ مفصل عنقریب قسطاس آیندہ مین مذکور ہوکر رافع شبہات ہی گو طبقات ملتصقہ ہی ہون تنزل امر بینہن کو کچہ آسیب نہین فقط۔

قسطاس سی و نہم جاننا چاہئی کہ اتیان بصیغہ واحد نسبت ارض کے قرآن شریف مین بوجہ جنسیتہ ہی جو موضوع ہی واسطی اطلاق کے اوپر واحد و کثیر کے اور مراد ہی اِن اوس ہی کثیر با وجود اختیار لفظ واحد بجہت التصاق طبقات سبعہ کہ اس وجہ دین کلام نہین چنانچہ بعض روایات اخبار صحیحہ مین لفظ جمع ارضین بہی وارد ہی یا بجہت عدم اختلاف ماہیتہ طبقات کی کہ سب ایک ہی جنس ارض سی نہی ہین بخلاف طبقات سموات کی کہ اجناس مختلفہ سی نہی ہین جیسا کہ روایات اکثر تفاسیر مین موجود ہے جو ضکہ اہل شرع کو اختلاف تعداد سبعہ طبقات ارض مین اختلاف ہی فصل بین الطبقات مین بعض متکلمین اہل اسلام کی نزدیک طبقات سبعہ ملتصقہ ہین موافق دل اہل ہیئتہ کی مگر بظاہر مخالف ہی قول اللہ تعالی کی۔ اولم یر الذین کفروا ان السموات والارض کانتا رتقا ففتقنہما یعنی کیا نہین جانا کافرون نے کہ آسمان اور زمین تہی متصل ہوی پس کردیا ہمنی جدا اون دونو کو فقط لیکن بنظر غور یہ معنی ہین کہ یہ دونون صنعت حقیقت المجموع بافرادہا کانت افراد کل واحد من الصنفین متصلۃ فیما بینہما او منفصلاتہ

متصل تھے اور طے ہوئی آپس مین پس جدا کردیا ہمنے اون دونون صنفونکو قطع نظر اس سے
کہ افراد ان ہر دونون کی جو چودہ طبق ہین ملی ہوئی ہون یا نہون جیسا کہ اتیان
صیغہ مثنی کا نشان اور ضمیر مثنی لفظ ہما کا دلالت صریح کرتا ہی جیسا کہ اشارہ ہی طرف
اس مضمون کی سورہ فصلت مین کریمہ ثم استوی الی السماء وہی دخان فقال لہا وللارض
ائتیا طوعا او کرہا قالتا اتینا طائعین یعنی فرمایا واسطے اوس صنف آسمان اور صنف زمین
کے من حیث المجموع بلالحاظ الطبقات اوسکی کل اور کیفیت ان طبقات کی کہا اون دونون
صنف مذکور نے آئی ہم دونون فرمانبردار رغبت کی ساتھ اور جہانتک کہ متعدد ہونا
آسمان کا منصوص اس آیت مین اور اور آیات مین ہے ویسا متعدد ہونا زمین کا نہین ہے
یہی وجہہ ہی اختلاف کی نسبت اسکی کہ ظاہر ہی آیندہ ترجیح اقوال امر آخر ہی پس اگر دیکھو تو
اگر یہہ شبہہ کیا جاوی جیسا کہ بعض اہل فضل کو اشتباہ واقع ہوا کہ جیسا اطلاق لفظ سبع کا
قابل تاویل اور توجیہ نہین کسی طرح ویسا ہی یہہ لفظ مثلہن بھی ہے جو واقع ہی آیتہ اللہ الذی
خلق سبع سموات ومن الارض مثلہن مین بدلیل اسکی کہ آخر یہہ دونون لفظ واقع اور
نازل اس ایکہی قرآن شریف مین ہین فقط پس جاننا چاہئے کہ اول تو یہہ شبہہ کسیطرح قابل
التفات نہین کیونکہ قرآن شریف مین نازل ہونے سے اس آیت کی کسکو انکار ہی اور
قطع نظر اس سے آیات قرآنی مختلف المراد والمعانی ہین یہانتک کہ ہر قسم کی مراد ہر قسم مین نفس نزول
مین متساوی الاقدام ہونا امر آخر ہی اور مرادمین اور احکام مین بکسر الالف یعنی محکم ہونے
مین اور تشابہہ وغیرہ مین مختلف المراد ہونا امر آخر ہی اور دوسری یہ کہ اس تقریر سے شبہہ مذکور
بالکل برطرف ہوگیا بدلیل ہونے لفظ مثلہن کے متعدد التاویل عام ہی اس سے کہ نسبت مین تشبیہ
مرکب بمرکب ہو یا مفرد بمفرد ہو بموجب سلف وخلف سائر تفاسیر آیتہ موصوفہ کی بخلاف آیتہ
ثانیہ کی کہ جسکی تعیین مراد مین کسی متنفس نے علماء سلف اور خلف سے کچھ طور پر جرأت نہین
کی اور حالانکہ لفظ مثل خود مبہم ذاتی موضوع للابہام محتاج التفسیر والتاویل ہے بخلاف لفظ سبع

کے اور یہہ لفظ خاتم بہر مضاف ہی طرف جمع مستغرق الافراد کے جو لفظ النبیین ہے اور
اس ہی خاتمیہ ماخوذہ اور یہ وصف نبوت مذکورہ میں بحث ہی ہیں گو نہ مسلوب بالتاویل
ہی مطلقاً ذاتاً و مالاً تحقیقاً و تقدیراً و انبیاً فی لیس اس خاتم کا کوئی مقابل ہی نہیں حقیقتہ
مع اضافتہ نسبت خاص ہیں کیسا طرح جو قابل [illegible] ذیل ہو کر تجانب بطرف دوست متفکرہ کی اصلی جیح کرتا ہی الی
یا طرف کسی تعبیر اور تشخص کے یا طرف استشنار کی فافترقا فتراد فیئا کلا امر کل الافتراق واللہ اعلم بالصواب
پس اس مقسم کا قیاس ہر و ان از قیاس ہے قران شریف میں کیا کیا شی نازل نہیں لفظ نبی کا
فی القرآن کو کیا دخل ہے استلزام اتحاد و منفاد مراد ہیں کہ اظہر ہی پس مع حسب ان تحقیقات
کی صحت اثر مذکور ہے کہ جو مستلزم ہیں تطبیق بین الایۃ والاثر المذکورین کو جو موید او مشید ہیں
توجیہ لفظ نبی کو بمعنی ہادی و اعظ مذکر غیر نبی موافق تحقیق شراح بخاری شریف وغیرہ کو
جو ہیں تو کیا بلکہ صحیح وہ ہی معنی ہیں جو خود صاحب اثر نے رض ساتھ حدیث قدسی کی تفسیر کری
اور واسطے افادہ مزید مبالغہ کی ساتھ لفظ نبی کے متغیر فرمایا کہ مبالغات بغرض مصالح
استعمالات شارع میں ثابت ہیں کہ وہ ممتنع ہیں خلاف واقع ہیں چنانچہ بعض قسطلانی میں
اسکی تحویل شرح و بسط ہی وہ شبہہ جو جھوٹ بولنی کا ہوگا جو جانب حضرت عبد اللہ ابن عباس رض
امام المفسرین یا اعدل الصحابہ میں سے ہیں جسکو براہ اہمت جانب اہل توجیہ لفظ نبی کے منسوب
کرتی ہیں مرتکز خیال بعض افاضل منبعین جو امر ستہ تھا بعنایت الہی جلشانہ زائل ہو گیا اور اسکی

فقرہ المعاریض مندوحۃ عن الکذب واقع بخاری شریف علاوہ برین ہے یعنی تعریضات اور
کنایات اور مجازات اور تاویلات کو وسعت ہی مشہور الحین کذب ہی شرعاً مثلاً لفظ عدد سبعین
او جسامتہ کا دربارہ بیان بعد مسافت فیما بین زمین و آسمان وارد احادیث ہی اور اسکی
سبب محدثین نے توجیہہ یہ ہی کی ہے کہ تحدید مسافت مراد نہیں بلکہ بطور قدر مشترک بمعنی بعد مسافت
کثیر مراد ہی علی ہذا القیاس امر امثلہ بسیار در اخبار و آثار ہیں فادرک اور موجبین اہل
تحقیق ابن تہمت رفض او اعتزال اور خروج سی جو برنجتہ قلم بعض فضلاء سی محفوظ ہی الحمد للہ

ہر بغیمت ہی اور ہم نہیں جراءت کرتے کہ کہیں کون بڑا بدبختی ہے اور کون چھوٹا ہم کو ملی
تطبیق مذکور کی اور دیکھا یہ اور منصب نہیں ہے دو ونہ خرط القتاد پس بسبب المحاکمات
مذکورہ کی معتصم کے شبہات بھی زائل ہو گئی جیسا کہ عبارت دافع الوساوس وغیرہ کو واقع ہوا
کہ تسلیم کرنی سے ہر زمین میں آدم و نوح وغیرہ کو کوئی قباحت مانع نہیں فعلا المحذور المحذور۔

قسطاس چہلم

قسطاس چہلم ترجمہ آیۃ شریف یعنی اللہ وہ ذات پاک ہی جسنی پیدا کیا سات آسمانوں
کو اور پیدا کیا اون آسمانوں کے مثل کو جو وہ زمین ہے تو مثل سات ہی ہی اور یہہ معنی بصورت
قراۃ فتح لفظ مثل کے ہیں اور مثلیت درمیان عدد سبعہ کی ہے یا کرویت کی اور مخلوقیت کے
یا سبیل عطف کی اور لفظ سبع کے ظاہر ہی اور در صورت قراۃ رفع لفظ مثل کے یہہ معنی ہو گئے
اور زمین سے مثل آسمانوں کی ہیں بیچ مخلوقیت کی یا معدود ہونے کے ساتھہ عدد سبعہ کی یا
کرویت کی۔ اور جاننا چاہیئے کہ مماثلت دو طرح پر ہوتی ہے کلی اور جزئی مماثلت کلی مانند افراد
متحد الحقایق کے مانند زید و عمرو و بکر افراد انسان کے اور مماثلت جزئی یعنی مشابہت کی
بعض امور میں جو عارض ہوتی ہیں ماہیئت کو خواہ از قبیل صفات ہوں یا عام ہوں از قبیل
ہوں اور ماہیات کو بھی مانند معدود ہونے کے اور مخلوق ہونے کی اور کروی ہونے
کے پس ان امور میں افراد سماوات اور ارض مساوی ہیں اور بعض امور مخصوصہ میں
مثل حرکت اور سکون کی مباین ہیں جیسا کہ کریمہ والسماء ذات الرجع والارض ذات الصدع
وغیر ذالک اور تتبع موارد استعمالات قرآنی اور احادیث نبوی صلعم سے بھی ایسا ہی
معلوم ہوتا ہی کریمہ قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی الایۃ کریمہ ان نحن الا بشر مثلکم ولکن اللہ
یمن علی من یشاء من عبادہ پس نفس بشریت میں مماثلت ہی اور اختصاص اور امتیاز کلی
ہے ساتھہ خصوصیت وحی کے اور تغیر اسلوب میں نسبت دوسری آیۃ شریفہ کی یہہ وجہ ہے
کہ پہلی آیۃ میں اشارہ ہی طرف علو رتبہ حضرت خاتم النبیین صلعم کہ صریح لفظ وحی متلو
ہی بخلاف دوسری آیۃ کی جو حق میں اور انبیاء علیہم السلام کے ہی کہ اونہوں نے لفظ

وحی کو کنایۃً بلفظ مثّت اپنی قوم سے بیان کیا یا بوجہ صرف ناہمواری قوم کے اور خوف آزار رسانی
سے یا براہ تواضع اور مانند قول حقتعالی و تبارک کی اولیس الذی القادر علی ان یخلق مثلہم بلی وھو
الخلاق العلیم بمعنی مماثلت فی الماہیۃ والاوصاف الخواص ہے یعنی قادر ہے اور پیدا
کر لے مثل اس مخلوقات کی اور ایراد ضمیر فوی العقل جو راجع ہے طرف جن و انس اور ملک کی
جو عامر ہین سموات اور ارض کے شرافتہ ہے کہ افراد شریفہ مخلوقات سے ہین و اسطے دلالت کرنی
کے اوپر افراد باقیہ مخلوقات کی اگرچہ اجسام اور اجرام عظیمہ مین سے ہون اسلیے کہ وہ سب داخل
ہین تحت قدرت حضرت حق مطلق جل شانہ کی اور مانند قول آنحضرت صلعم کے ایکم مثلی انی
ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی یعنی نہین ہے کوئی میرا مشابہ مین شب گذاری کرتا ہون نزدیک
اپنی رب کی وہ کہلاتا ہی مجکو اور پلاتا ہی مجکو اور ممکن ہے کہ یہہ لفظ مثل وارد احادیث بمعنی
مماثل بہی ہو کہ جسکو سلب کیا بطور استفہام انکاری یعنی نہین کوئی میرا مماثل اس وصف
خاص مین پس جیسا کہ آیات مذکورہ بالا مین اثبات ہی مثلیۃ کا نفس ماہیۃ بشریۃ مین اور
خصوصیۃ ہی وصف وحی مین ایسا ہی مین مخصوص ہون اس وصف خاص مذکور کے ساتھہ
حدیث مذکور مین اور مثال مشابہت وصفی کی یہہ ہی فلان مثل حاتم یعنی مشابہ ہی وصف
جود اور سخا مین نہ مماثل ہے تاکہ لازم آدی مساوات جمیع اوصاف مین حالانکہ بہت اوصاف
دیگر ہی مین مباین ہے پس معلوم ہوا کہ منشاء رصد ور لفظ مثل اثر مذکور مین یہہ ہی لفظ مثل
ہے جو واقع ہی نظم قرآن مین اس آیت شریفہ مین و من الارض مثلہن یعنی اوس اثر مین
بہی اسی ہی قسم کی مثلیۃ ہے یعنی فیہ مثل ابراہیم و نوح الخ مراد مشابہتہ فی الوصف الخاص
ہے اور وہ وصف تذکیر اور توعیظ اور ہدایت ہی یا صرف رسالت ہی بایں معنی کہ پیغامبر ان
ہین اونکی جو پیغام رسان ہین جنّات کو جانب انبیاء الانسی اور بہذا علاوہ برین سے
کہ مستی بہی ہین ساتہہ ان ہی اسماء مذکورہ کی اثر مذکور مین بطور تشارک اسمی کے مانند تحقیق
شراح بخاری وغیرہ کی جسکی تائید و تشیید و تشریح تا آخر قسطاطیس مین ہوتی چلی آئی ہے

اور تطبیق مین السبع الثانیہ اور ذا شر مذکور ظاہر ہوئی آپ کی ہے نہ کہ انکا رانتر مذکور اور وجہہ
ایراد لفظ مثل باضافت طرف ضمیر جمع مذکر آیۃ اولیس الذی بقادر علی ان یخلق مثلہم الآیتہ
مین اور ایراد اس ہی لفظ کا باضافت طرف ضمیر جمع تانیث مثلہن آیۃ اللہ الذی خلق سبع
سموات ومن الارض مثلہن مین یہ ہی کہ آیۃ سابقہ مین یعنی آخر سورہ یٰس مین اور آیۃ پچھلی
مین یعنی آخر سورہ طلاق مین دونان مرجع ضمیر اسما لغات ذوی العقول ہین جن اور انس اور
ملک اور ضمنا سموات اور ارض اور یہان برعکس فافہم الحذر الحذر قسطاس ۳ ج حمل ونکلم اور تقریر
موجود سابق متعلق لفظ یتنزل الامر بینہن واقع اللہ الذی خلق سبع سموات الآیۃ کی یعنی اوسکے
معنی برابر ہینی کے در صورت التصاق طبقات ارض ہی وہ اسطرح پر ہی کہ اشتباہ ہوتا ہی
بسبب لفظ بینہن کے کہ وہ صریح مقتضی ہے فاصلہ کو درمیان طبقات ارض کے بقرینہ دلالت
لفظی کے پس رفع اس اشتباہ کا بدین طور ہی کہ واقعی دلالت اور اقتضاء مذکور مسلم ہے مگر صرف
اشتباہ مرجع ضمیر مونث غائبہ ہی جو لفظ ہن ہے کلمہ بینہن مین یعنی صرف طبقات آراضی سبعہ
مگر جب مرجع اوسکا مجموع سماوات سبعہ و طبقات اراضی سبعہ قرار دیا جاوی تو شبہہ مذکور
برطرف ہی بالضرور یعنی تنزل امر درمیان جو ہی ما بین ہے سماوات سبعہ اور اراضی سبعہ
کی یا جیسا کہ اور جا بجا کلام اللہ شریف مین ارشاد ہی مثلاً کریمہ خلق السموات والارض وما
بینہما اور وما خلقنا السموات والارض وما بینہما باطلا وغیرہا من الآیات سی مراد جو ہی یعنی خلو ہی
اور ہوا ہی جو یعنی خلا ہے نہ یعنی ریح جو غلط العام مشہور ہی چنانچہ کلام مجید مین ارشاد ہی
وافئدتہم ہواء یعنی دل اونکی خالی ہونگی ہر ایک فکر سے سوای پریشانی اور ہول قیامت کی
اور کچھ نہوگا اپنی جگہہ سے پران ہونگی کریمہ لدی الحناجر کاظمین نزدیک چنبر گلو غصہ مین
اور غم مین بھری ہونگی ایسا ہی مراد ہی اسکی بہ مین بینہن سے یعنی درمیان آسمان و زمین
کے تو مرجع ضمیر تثنیہ کا جنس سموات اور جنس ارض ہے پس اب تنزل امر یعنی نزول وحی
درمیان عالم جو یعنی درمیان خلو طبقہ علیا ارض کے اور طبقہ سفلی آسمان کے انجام ہی

اس سے اوپر طبقات مذکورہ ارض مین خلو ہو یا نہو واسطے ثبوت مطلب نزول وحی کے جو موقوف
علیہ ہی وجود خاتم منفرد ومنہ کا جو محقق اور مسلم ہی انہا خلو مذکور کو اسپر کچہہ ضرورت نہی خاتم سے
کی اور نہ خلو طبقات سافل کی بسبب کفایت کمال جو طبقہ علیا ارض اور آسمان دنیا کی جو مشار الیہ
حصر صحیح سے آیات قرآن مین باتفاق مفسرین اور اگر یہہ کہا جاوی کہ اور آیات مشیر ان نہو
الکثرت جا ضمیر تثنیہ نازل ہوئی اور اس آیہ متبرکہ مین کیون تغیر اسلوب ہوا یعنی ضمیر جمع مونث اجو
لفظ بینہن مین ہے آ جواب اوسکا یہہ ہی تاکہ تغیر اسلوب دلالت کری اوپر طبقات متعددہ
کے ہی ملتصقہ ثلثہ ہون یا منفصلہ فتقہ ہون یہہ امر آخر ہی اور ہرگاہ نزول وحی ہوا درمیان
محدب یعنی سطح روی زمین جسم تعلیمی طبقہ علیا کے اور درمیان مقعر یعنی جسم تعلیمی آسمان دنیا کے
جو عبارت ہی جو مذکور ہی تو بہرحال نزول ثابت ہی درمیان چودہ طبق کے بالضرور اگر یہہ کہا
جاوی کہ بنظر انصاف معنی حقیقی نزول وحی کے یہ ہین کہ اوپر سے نیچے کو جاوی یعنی بہرحال آسمان سے
طبقہ علیا زمین پر آوی جو مقر ہی اوسکا اسواسطے کہ محمد رسول اللہ صلعم خاتم حقیقی کا وجود باجود اسی
ہی طبقہ مین ہے اور پہر بواسطہ اونکی نیچے کے طبقات کی انبیا کو بطور احکام ملا زبان بالا دست ملازمان
ماتحت کو پہونچتی ہین پہونچی یعنی اول آپکو وحی آوے اور پہر بواسطہ ملائکہ کی اونکو پہونچی بس جانا چاہیے
کہ یہہ عبارت شبہہ مذکور خود فیصل ہے اسلیے کہ ہرگاہ نزول وحی کا آسمان سے کسی جانب کو ہوکر
کسی نقطہ طبقہ زمین ارض علیا پر جو مقر ہی خاتم حقیقی کا صلعم پہونچا تو وہ وہین منتہی ہوتا ہی اور ہرگاہ
وہ منتہی ہوچکا تو انقطاع نزول مذکور لازم آیا پہر نیچے کے طبقات کو پہونچنا طبقہ ارض علیا سی یہہ امر
آخر ہی اوسکو وصول کر تعبیر کیا جاتا ہے نہ نزول اور مابین وصول اور نزول فرق زمین و
آسمان ہے اور منشا ورود شبہہ کلام فضلا مین یہہ لفظ ہی کہ اول آپکو وحی آئی اور پہر
بواسطہ ملائکہ الی آخرہ یعنی اس سے یہہ مفہوم صریح ہے کہ بعد مین اونکو بھی وحی آئی اگر لفظ اول
نہو یہہ واہمہ مرتفع ہے اسواسطے کہ نزول تو منقطع ہوا اور منتہی اپنی منزل پر جو نبی ہین یعنی خاتم النبیین
پر صلعم مگر بعد نزول وصول وحی مذکور یعنی احکام جو موحی ہین یعنی علوم ومعلوم ہین وہ بطور متعارف...

طبقات سافلہ مین کسی مدرسی پہونچی بواسطہ ملائک پہونچی الحاصل غرض متکلم یہ ہوتی کہ وہ نبی انہیں
معلوم ہوا اسلوب تعبیر درست نہو ورنہ یہہ خرابی اس کلام کی اس تحقیق مذکور سے ظاہر ہے اب
آگاہ ہونا چاہیے کہ مطلب کلمہ منہم بہی بطور ادا ہوا کہ مرجع ضمیر جمع مونث مجاز سے طبقات ارض علیا
او معنی طبقہ آسمان دنیا ہی حقیقۃ او باقی طبقات سموات اور ارض میں مجازاً تاکہ منہم کلمہ کو بہی
شامل ہو جاوی نہ حقیقۃ جیسا کہ نزول وحی حقیقۃ طبقہ ارض علیا مین وہ بہی بارہ زمین ہے جو
منزل ہے اوس ملک کا مثلاً مدینہ منورہ یا مکہ معظمہ وغیرہ جس جس جگہ نزول وحی کا ہوا بعض اسفار
میں حالانکہ حکم شامل ہوا تمام طبقہ ارض علیا کو اگر یہہ مراد لیجاوی کہ یہہ وصول ہے کہ نزول مجازی
ہے تو مضایقہ نہیں مگر اس نزول مجازی سے جو اوسکی منازل ہیں یعنی درحقیقت مواصل
ہیں نہ منازل جو اوسی ذات میں وہ نبی نہیں ہو سکتی پس معلوم ہوا کہ فیما بین وصول اور
نزول نسبت عموم خصوص مطلق ہے وصول عام ہے اور نزول خاص یا بحسب صدق یہ کیونکہ
نزول مستلزم وصول ہے من غیر عکس یعنی وصول نزول نہیں علی ہذا القیاس حال طبقات
سافلہ پس ہرگاہ مواصل اس وصول کے اس طبقہ ارض علیا میں صرف نبی ہیں تو ان کی نبوت کا
علی ہذا القیاس حال طبقات سافلہ او مواصل کہ اتحاد افراد نوعی متقضی تساوی حکم بھی ہوا خاصہ
ہیں اور یہہ امر مجملہ خواص نبوت اور ذاتیہ میں سے ظاہر ایسی اختلاف حکم خاص کا اس باب میں نسبت
جمیع طبقات کی باطل ہوا لہذا نادر و اشرتی ہوا فافہم پس اب آئیے وصول احکام کے طبقات ارض
علیا سے طبقات سافلہ تک کچھ ضرورت کسی نبی کی نہیں اور وصف خاتم تو ایک امر لاحق ہی ہے
اسکا مرتبہ تو کہاں پس وہ افراد واقع اثر مذکور اوادم وغیرہ ہادی غیر نبی ہیں جنکو اثر مذکور
میں تبعیۃ اواخر کہ جنکو براہ شناخت مبالغہ وصف ہدایت میں نبی کر تعبیر کیا مجازاً یعنی انکے
سلاسل کہ جو مسمی بہ محمد میں بخلاف اور وسط اور اوائل کے یعنی اونکو اوادم اور انواح کر تعبیر کیا
لطیفہ بکبھی وصف ہدایت اونکی کے بسبب اواخر سلاسل کے فقط متصل ولا منقطع جیسا کہ یہہ فقرہ
عبارت مذکور یعنی اول آپکو وحی آئی اور پہر بواسطہ ملائکہ کے اونکو پہونچی اور نیز دوسرا فقرہ یعنی

کہ طبقات کے انبیا رکو بطور ملازمان بالا دست ملازمان ماتحت کو پہونچی فقط اس سے مطلب
مذکور پر دلالت کرتا ہے مگر لفظ انبیا ر موہم واہمہ اور موجب لغزش تک ہوتا ہے کہ جنکی اصلاح
کی گئی جو رافع التباس مع ایہام ہے انشاء اللہ تعالی پس اب معنی ہذا کو نسبت نزول کے کہ نزول
اوپر سے نیچے اترنے کو کہتی ہیں واسطے اثبات نبوت خواتم ستہ کے مفید ہنیوا مع معہذا تحقیق کیفیت
معنی نزول کے بھی عنقریب آتی ہے اور واسطے تسہیل اس مطلب آیۃ یتنزل الامر بینہن کے
ایک تصویر زیر تحریر کیجاتی ہے خوب ہیان کرنا چاہئے ہر گاہ زمین بشکل کری ہے اور محوی آسمان
کی ہے کیونکہ وہ بھی بشکل کری ہیں اور ہر جسم حاوی جسم محوی سے بالضرور بلکہ بالبداہتہ مساحت
جسمی میں کلان ہوتا ہے اور محوی کو چیک تو اوسکی فاسطح ہر نقطہ جو منتہا ہے ہر ایک خطوط
محرجیہ از مرکز کا نہایت کار تا سطح ظاہر کرہ جو وہ بنا ہے نقاط متواصلہ سے جو جسم تعلیمی سطح کرہ
سے پہونچی وہ جانب علوی ہے بہ نسبت نقطہ محاذی جسم محوی بننے کے اسواسطے کہ وہ جانب
علو مذکور منزل سے نازل کے کیونکہ وہ مماس ہے پس اب جسطرف کو جانب آسمان سے نازل
ہوکر منتہی ہوگا وہ ہی نقطہ منزل ہوگا کیونکہ نزول منقطع ہوگا اور اس ہی نزول کو بہر حال ہو تو
تحقیق مشتبہ مذکور اوپر سے نیچے کو کہیں گے اور نسبت او محویات کی وصول کہا جاوے گا کہ آخر
ہے فافہم بالفہم الاتم باقی رہی تحقیق لفظ بینہن کی ہر چند اب ضرورت نہیں رہی مگر تاہم مضایقہ
ہیں یہ مطلب اہل مطلب بفرض محال نظر بدلایل مذکورہ فی ہذا الباب اگر بمعنای الفاظ
عبارت کچھ نشان بھی دیتا تو بجای لفظ بینہن کے لفظ فیہن نازل ہوتا اور بہر تقدیر عبارت
نہیں ہوتی یا لفظ فی ساتھ تقدیر لفظ کلہن بمعنی علی ہوتا مانند قولہ [illegible] فی جذوع النخل کے
لفظ علی کلہن سے صریح نازل ہوتا مگر اسمیں خدشہ استعمال حقیقی اور مجازی کا بھی فی الجملہ
ز مطلب ہوتا کہ ظاہر ہے اور بصورت کلہن بلکہ صریح کا واحد منہن بھی اگر نازل ہوتا
سب بھی مطلب اہل مطلب حاصل نہوتا بلکہ مجہول ہوتا اور یہ مطلب اس آیۃ کی کریمہ اوحی فی
کل سماء امرہا جو وحی کہ متعلق بغیر انبیاء ہے یعنی ملائکہ مدبرات الامر ہیں جیسا کہ اہل تفسیر نے

اور اسکا ان سے وصل احکام نبوت و طبقات سبعہ سافلہ میں بوجہ بعد وفات شہر ضیا کہ زمان انقضاء نبوت ہے طبقہ زمین علیا ہی میں مخصوص
رہا ساتھ وحی کے بعد اسکے گو ہر ماتنزلات کی البتہ ظاہر ہو گیا کہ ورود وحی کل سماوات اور امرا نسبت وحی طبقات ارض سے نعلا
کی اور نیز منشعبہ بعض علما کی التباس میں معہ المواقع زمین فافہم وافرق ما بین بموجب اسکے تخصیص کے اور تغیر یہ تو غلط فہمی کا خوب زینہ ہو گیا
عبارت واقع ہوئی لیکن اور یہ عبارت حاشیہ تعالی جاری ہے کی جو جابجا بین ہو گیا ہی مثل سند اس عبارت معالم التنزیل
امام بغوی کی یتنزل الامر بینہن بالوحی من السماء السابعة الى الارض السفلى و نیز ایسا ہی کیا ابتدا میں تفسیر جلالین قادری کی
صحیح ہی خاتمہ منتہی الیہ بینہن ای بین الارض العلیا التی ہی اولی و بین السماء السابعة التی ہے اعلاہا اور اس تفسیر کے
وہ تفسیرین بھی جو ما بین السماء الدنیا تجلی ما بین السماء السابعة التی ہی اعلاہا کچھ مخل نہیں کیونکہ اوسکی منشا نہیں کہ
ظاہر ملاحظہ سے تحقیق لفظ بینہن کی اور نیز اسکے کل سموات گویا منبع نزول وحی ہیں اور بوجہ عدم منزلت
انبیا کی واسطے وحی کی بوجہ تخصیص منزلیہ مذکورہ کی ساتھ ارض علیا کی توجیہ خاتمیت مطلقہ کی اور دیگر
طبقات ستہ کی اور بوجہ عدم خصوصیت طبقہ ارض علیا کی قبل بعثت خاتمیہ مطلقہ کی جیسا کہ عنقریب یہ تحقیق ہو چکا۔
پس جانا چاہیے کہ معنی اس آیت یتنزل الامر بینہن کے یہ ہوئی کہ جو وحی کہ متعلق تدبیرات امر جمیع غیر انبیاء اور کہ انکے ہیں
اوسکی منزل وہ آسمان ہے جسمیں آسمانکا مدبر ہے اور وہ زمین ہے جسمیں اوسکا مدبر ہے علیٰ ہذا القیاس بحال خود
اور جو وحی کہ متعلق انبیاء ہے اوسکی منزل وہ ہے جسمیں وہ نبی ہے پس اگر وہ نبوت مقیدہ رکھتا ہے تو نزول
اور وصول اور منزل اور موصل مقید ہی اور اگر مطلق ہے تو یہ سب امور مطلق لہذا لفظ امر جسکا مفہوم
عام آیت مذکورہ میں نازل ہوا نہ لفظ وحی کا اگرچہ یہ لفظ بھی باعتبار اپنی انواع اور اقسام کی فی الجملہ عمومیت
رکھتا ہے مانند لفظ امر کی۔ وہ اس سے بالاتر ہے عمومیت میں کہ اعم بعموم اور اشمل الشمول ہو
اور ہی الجو ایا میں سے سبے فافہم والا تو تم جانا چاہیے کہ روایات تفاسیر میں ہر قسم کی ہوتی ہیں
اور عبارات مگر منقبرہ بھی ہوتی ہیں جو بر تخفیف ہوتی ہیں اور مخالف اصول دین نہ ہوں خصوص
باب عقائد سخت تر نازک ہی واللہ اعلم وعلمہ اسبغ واحکم پس بعد اس تقریر و تحقیق کی سر کاوہ سب
شبہات جو اہل اشتباہ عموماً و خصوصاً بابت عبارت الہی جلشانہ زائل ہو گئی خصوصاً یہ شبہ بعد
از قبیل شبہ افاضل تو کیا عوام کو بھی شاید محظور ہو اور اگر بنظر خطرات ہو تو جانے نگی

خصوصیت بان تلک تخصیص قاسم فاضل و مراتب اور امامیہ کے پہونچنا دا سکی اثبات خواتم
کے تحت او نماز یا ہے کہ غایتہ ما فی الباب ملائکہ کو حسب اصطلاح نبی نہ کہا جاوی لیکن تثبیہ
بمعنی نزول امر بہر حال ثابت ہی اور حالانکہ نسبت ملائکہ بقیہ شرعی ہیں پس ایسی ہی اگر
خواتم سماوی میں کہ شرعی غائی تو نہیں ہیں او سنہ خواتم مگر محل تنزل امر تو ہیں پس اگر ایسی ہی نوبت
تحقیقات ہو پہنچی تھی تو بربنائے اختراع وگیر مناشی ہو وزن ایسی مناشی کے ممکن ہے کہ نادر
موسی علیہ السلام کو اور نحل کو نبی اصطلاحی شرعی تو مت کہو مگر نبی تو نہیں یہہ اس قسم کے کلام
بمثابہ اس کلام کے ہی کہ قاصد نامہ بر نبی تو نہیں مگر رسول و پیغامبر تو ہے فانیتہ بلکہ
لخیص الکلام یہی معنی ہدایت کرتے ہیں کہ یہہ افراد سبعہ مفروضہ خواتم نہیں اسواسطی کہ خاتم النبیین کا
حقیقی ہو یا اضافی نبی مصطلح شرعی ہونا ضرور ہے اور یہہ نبی شرعی ہی نہیں تو خواتم بھی نہیں
بلکہ مثل ملائکہ میں ہو غایتہ ما فی الباب کہ تعبیر ہو او الآ نظر بدین تحقیق عمیق ملائکہ بھی انبیاء مصطلح
شرعی ہوں نظر بمقتضائی تمثیل مذکور اور یہہ اونہیں ہی خواتم الملائکہ کا خواتم الانبیاء سماوی ہونا
ضرور ہوا تاکہ خواتم الانبیاء ارضی کے اور یہہ واسطی ان خواتم اضافیہ سماوی کے منشاء
انتزاع کا ہونا جو خاتم حقیقی سماوی ہو ضرور ہوا اسلئی کہ وجود امور انتزاعیہ کا بلا وجود منشاء
انتزاع نا روا ہے پس ضرور ہوا کہ گروہ ملائکہ میں بھی ایک خاتم حقیقی جنس ملائکہ سی ہو تو
ثابت ہوا وجود دو فرد حقیقی کا نوع واحد میں ساتھ خصوصیت کسی خاص لازمہ کے اور وہ کیا ہے
کہ نبوت ہی اور مغایرت افراد کی اونکی آپس میں گو وہ بنظر کسی اور اعتبار کے خصوصیت رکھتا ہو
ساتھہ ایک جنس کے ہر دو جنس مذکورہ میں سے یعنی انسان اور ملک میں سے یعنی نفس انسانیہ و
نفس ملکیتہ بانحن فیہ میں مضر نہیں جیسا کہ مقتضائی تمثیل مذکور ہے اور قطع نظر اس سے کہ خاتم حقیقی
ایک ہی فرد ہے بنظر با تحاد نوع واحد مذکور یعنی نفس مع قطع نظر خصوصیتہ انسانیتہ او ملکیتہ
کے اور ایک سلسلہ نبوت کا وقوع ماضی اور مستقبل مین ہوا باعتبار فرق مراتب زمانی کی
اور زمانہ عبارت ہوا حرکت ارادہ خداوندی سے اور اوس حرکت کے لئے کوئی مقصود
اور نہایتہ بہی خواہ مخواہ ضرور ہونی چاہئی کہ وہ حرکت وہان منتہی ہو اور وہ مرد ہونی
نقطہ ذات محمدی ہے صلعم جو کہ موصل ٹہرا ہر دو ساق زمانی اور مکانی کا بمنزلہ زاویہ کے
اور قاعدہ اس مثلث کا بظاہر نہین معلوم ہوتا بجز شرافت کے سو خیر اس سے تو کچھ بحث
نہین ہے کہ امر مسلم ہے بس ساق زمانی تو امر متحرک ہے پہونچا اوسکا موصل تک
یعنی اوس زاویہ تک جو نقطہ حقیقت محمدی ہے صلعم ممکن ہے کہ ظاہر ہے بخلاف ساق
مکانی کے کہ وہ ساکن ہے اور اگر یہہ کہا جاوی کہ تحرک ضرور نہین وضع ترتیب نقطات
اسکی منا رجہ سلسلہ مکانی کے اس ہیئتہ کذائی پر بطور امر ابتدائی کے سرے ہی سے
بدین طرز واقع ہوئی کہ موصل تک پہونچی تو دفع اسکا یہ ہے کہ اگر سلسلہ ترتیبی امر تکیبا
ہے تو خواہ مخواہ حرکت پذیر ہے لوازم بیگانہ واسطی اوسکی ثابت ہوتے مین یعنی مکان

جو کہ لستان سے اور مکی سکون سے متحرک ہو جاتا ہے اور اگر امر آنی ہے اور
دفعی تو یہ تو صریح مخالف ہے لفظ شروع کو یعنی سلسلہ نبی کی جانب سے شروع ہو
اور آخر تک جو کہ نقطہ ذات محمدی ہے صلعم اوس پر ختم ہوا اور یہ تمام خواتم مجامع خاتم
حقیقی ہونی چاہئیں حالانکہ اضافی کا متقدم ہونا حقیقی سے ضرور ہے پس صاف
ہو گیا ہوا کہ متحرک ہی اور حرکت لوازم زمان سے ہے تو استحالہ لزوم سکون اصلی
مالیس بالسکون اصلی لازم آیا اور ظاہر ہے کہ جو ما بالسکون ہے ما بالحرکۃ یعنی
اور ما بالحرکتہ ہے ما بالسکون نہیں پس ایسی بات اختیار نکیلنی چاہئے کہ جس سے ترکیبا
ما بینیات متباینہ لازم آوے اور خواہ مخواہ بلا ضرورۃ پڑے گر بسبب حصول مقصود
اصلی و اعظم نقطہ ذات محمدی صلعم کے وہ حرکت مبدل بسکون ہوئی پس معلوم ہوا
کہ اصل اعتبار اس باب میں شرف زمان ہی ہے اگرچہ شرف مکان بھی اوسکو
ہوئے ہے پس مثلث ایک ہی ساق پر یعنی ساق زمانی پر قایم رہ گیا پس مثال
مثلث بے محل نہیں ہے فلہٰذا ذات محمدی صلعم ملقب بلقب نبی آخر الزمان ہوئی صلعم
نہ ملقب آخر المکان بلکہ یہ عذر بیجا ہے کہ وہ حرکت مبدل بسکون ہوئی اور تقریر
شبہہ مذکورہ سے متبادر کیا بلکہ متعین ظاہر وہ ایک ہی حرکت متوہم ہوتی ہے جہات
متعدد اور غایات متکثرہ نہیں متوہم ہوتی اور بالفرض اگر مبادی اور جہات اور
غایات متعددہ ہوں سوای جہت سلسلہ زمانی نبوت کے واسطہ اور امور مستحدثہ
زمانی کے تو وہیں سے عذر کرنا ساتھ ایسی استحالہ کے کہ وہ حرکت مبدل بسکون
ہوئی نہایت بے محل ہے اور سخت محال ہرگاہ کہ وہ حرکت جو ایک ہی تھی ساکن ہو گئی
تو انقراض زمان لازم آیا اور حالانکہ جریان زمان ہے اور اگر عذر یہی کیا جاوے
تو بنظر کیا جاوے مضایقہ نہیں کہ آخر زمان سے آخریتہ حقیقی مراد نہیں کہ بعد اسکی
کوئی جزو زمان باقی نہ ہے اور معہذا اگر معنی اس عبارت کے کہ زمانہ ایک حرکت ارادہ

خداوندی ہی ہیں کہ زمانہ ایک امر متحرک ہے اور پیدا ہے بارادہ خداوندی
توفیہا واگر اطلاق حرکت اور پیدا ارادہ خداوندی مراد ہے یعنی ارادہ خداوندی
کی شان سے حرکت اور سکون ہے تو ایسی ارادہ کی طرف تو قصد اور حرکت شی جایگی
نہایت ہی زبون ہے ایسی حرکت خیال سے سکون ہی بہتر ہے مگر ظاہر ہے
کہ مراد معنی سابق ہی ہونگی ایسا ہی کیا اندیشہ ہے کہ ایسے معنی مراد ہوں آخر
فاضلانہ شبہہ ہیں نہ عوام کے غالبا یہ عبارت محمول بغلطی کاتب یا سبقت قلمی ہے
یا عجلت جواب نامہ محرر ہے اور یہ تقریر اوپر بنیر و معنی مکان کے درست اور حیثیت میں
معنی متعارف جو خارج میں نظر عوام میں ہیں اور بنیر معنی مصطلح اہل علم متکلمین جسم اسم
اور حکما بمعنی سطح باطن اور بمعنی بعد مجرد کیونکہ مکان بہر دو معنی فی نفسہ متحرک نہیں بخلاف
زمان کے کہ وہ متحرک ہے ہے هذا والله اعلم وعلمه احض واذن واحكم اتقن البحار فقیر

قسطاس شصت و سوم اگر یہ شبہہ وارد ہو کہ کمال نبوت کوئی امر بسیط نہیں
بدلیل اس حدیث شریف کی الرویا جزء من ستة واربعین جزءا من النبوة اور تمثیل دیا ہو
ساتھ جمال کے جو امور کثیرہ پر موقوف ہے مثل حصول جمال بسبب ہیئت اجتماعی اعضاء ہی
ضروریہ علی ہذا القیاس حصول کمال نبوت بھی ایسا ہی ہے کہ بسبب اجتماع تمام کمالات
کے ہوتا ہے تو یہ شبہہ بنظور برگران ہے کہ تجزی نبوت باعتبار زمان نبوت
ہے مجازاً نہ حقیقۃ کیونکہ زمان نبوت بروی روایات معتبرہ تیئیس ۲۳ سال ہی باعتبار
زمان حیات شریف اور زمان رویا صالحہ جو کہ بردار نبوت اور مبادی نبوت تھا
وہ چھ ماہ ہے جیسا کہ اس بارہ حدیث شریف ثم جاء الحق مثل فلق الصبح ہیں کہ اور
روس سے وحی ہے دلالۃ صریح ہے اور چھ ماہ کو نسبت ساتھ تیئیس ۲۳ سال کے
نسبت حصہ چھیالیسویں ۴۶ کے ہے جیسا کہ یہ تحقیق محدثین رحمہم اللہ سے حضرت استاذی
شہرہ آفاق حضرت مولانا محمد اسحاق قدس سرہ سے سنی لیس واصل تجزی کمال

نبوت نہین بلکہ تجزی زمان نبوت ہے جو ظرف ہے کمال نبوت کا اوس سے
اسکی سالمیتہ اصلی کو کچہہ آسیب نہین جیسا کہ صفتہ تکوین قدیم کو بہی متعلقات تکونیہ متجددہ
سے کچہہ تلوث نہین مانند تابش آفتاب کہ عطریات اور قاذورات سے کچہہ متاثر نہین
علی ہذا القیاس صفتہ کلام قدیم کو جو کلام نفسی ہے کسوت الفاظ محدثات سے جو کلام
لفظی ہے کچہہ آلودگی نہین اگر تجزی کلام اسکی سیپارہ کرکے تعبیر کیجاتی ہے تو باعتبار ان
امور مستی نہ کے ہے مجازاً پس فی حقیقت جو کچہہ کہ آلودگی اور شکستگی ہے نصیبہ نور حسد
متعلقات کا ہے اور جہہ تجزی نبوت سے لغرض محال اوس مطلب اصلی جو منشا ہی
ایجاد خواتم ہستہ مفروضہ کا پہر بہی تو دستیاب نہین ہو سکتا اسلئے کہ خاتمیتہ مطلقہ کو
تو تجزی نہین ثابت ہوا اس حدیث شریف سے بہی بدلیل اسکی کہ اوسمین خاتمیتہ
کا کچہہ تذکرہ بہی نہین اور حالانکہ خاتم اور کوئی ہے ہی نہین سوای ذات فرد واحد کے
صلعم جیسا کہ قسط سوم سابقہ مین مشرح و مدلل ہو چکا اور یہہ فقرہ از قبیل فقرہ حدیث
شریف الایمان بضع وسبعون شعبۃ فافضلہا قول لا الہ الا اللہ وادناہا اماطۃ الاذی
عن الطریق ہے اور امثال اسکی حدیث الحیاء شعبۃ من الایمان وقولہ تعالی فزادتہم
زادتہ ایمانا اور حدیث فقد استکمل الایمان جو کہ مروی ہین کتاب الایمان صحیح بخاری وغیرہ
وغیرہ مین ہیکچہہ آج مسئلہ نیا نہین جو کچہہ تحقیق سے محدثین و فقہاء و متکلمین پر مخفی ہو
یعنی نفس ایمان امر بسیط ہے یہہ سب امور مجازی ہین جو بیرایہ اجزا و اعمال اور ماقول
مین تجزی پذیر ہین باعتبار متعلقات کے علی ہذا القیاس حدیث شریف لا ایمان لمن لا
امانتہ لہ اور لا ایمان لمن لا عہد لہ سے ظاہر ہے کہ عہد اور امانتہ عین ایمان نہین بلکہ اسکی
سلب سے سلب کمال ایمان ہے جو مراد ہے رونق سے جیسا کہ وارد ہے درباره
کمال ایمان حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضہ کہ اس سے سب ہی اہل علم واقف ہین
اور نیز الایمان و الاسلام واحد بدلیل قولہ تعالی فما وجدنا فیہا غیر بیت من المسلمین

یعنی المومنین باعتبار مصداق کے بعض مواد مین نہ باعتبار مفہوم کے کہ ظاہر ہے کہ مفہوم
اسلام اور ہے اور مفہوم ایمان اور ہے غرضکہ یہ سب امور مذکورہ مجازی ہین اسقدر
کافی ہے تطویل ضرور نہین ایسے امور سے کار براری نہین ہوسکتی ہان مگر یہ امر
مسلم ہے کہ ہیئۃ اجتماعی اعمال صالحہ سے رونق اور بہار متصور ہے اور ظاہر ہے
کہ سوابق اور لواحق شئے اور مبادی اور مقاطع اجزاء شئی مرکب ہی نہین ہین چہ
جاے کہ اجزاء شئی بسیط ہون کہ ظاہر البطلان ہے پس معلوم ہوا کہ ایمان امر بسیط ہی
ورالا در صورت ایمان صرف قول لا الہ الا اللہ بصدق و اذعان کہ جس سے ایمان
منعقد ہوا کرتا ہے کہ جز افضل ہے اور شعبہ اعلی بموجب حدیث شریف مذکور کے
بلدون ایمان دیگر امور مذکورہ معلومہ منصوصہ کے معتبر ہونا قابل نجات تھوڑا الا لکہن
قال لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ مروی صحیح ہے مانند رسن بافتہ مشتمل اجزاء کثیرہ کے
بدون ہیئۃ تالیفی اور ترکیبی کے دربارہ حصول مطلب قید اسپ و فیل وغیرہ ہرگز کبھی
موثر ہو لیکے کسی جز کی اجزاء مذکورہ سے کیونکہ من حیث الانفراد اور حکم رکھتا
ہے اور من حیث الاجتماع اور حکم رکھتا ہے مثلاً دربارہ اصحاب بدر رضوان اللہ تعالی
علیہم اجمعین یا عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالی علیہم اجمعین یہ عقیدہ قرار پایا ہے
کہ اطلاق حکم جو اونکی حق مین من حیث المجموع ہو مثلاً لعل اللہ اطلع علی اہل بدر وغیرہ
جو روایات وارد صحاح مین علی ہذا القیاس حق عشرہ مبشرہ مین اوسکو من حیث
بر ملحوظ رکھنا چاہیے نہ من حیث الانفراد دیکھنا چاہیے الیاس منا اور بیٹا ہے اسامہ
سے رحمہم اللہ اجمعین اور حالانکہ ایمان مذکور معتبر ہے اور قابل نجات ہے پس معلوم
ہوا کہ امر بسیط ہے مگر مقتضی ہے رونق اور بہار کو جو موقوف ہے اوپر تکمل شعبہ ہائی
ایمان کے جو کہ مقصود مین داخل ہین مقاصد مین لطور امور مقصودہ یا لوجاہت کی نہ اصل
قوام ایمان مین بخلاف رویاء صالحہ کے نسبت کمال نبوت کے کہ از قبیل مقدمات اور

مبادی ہے کہ خبر یحتمل الصدق والکذب ہونا ہے جیسے بمراحل دور ہے اور اگر کہا جاوے کہ ایمان ذو اجزاء
ہے اور قول لا الہ الا اللہ جزء اشرف بمنزلہ کل ہے حکماً مانند سر کی بہ نسبت دیگر اعضاء
کے چنانچہ اطلاق متعارف ہے کہ یہ راس گاؤ اور مراد ہوتا ہے سر گاؤ نہ سر گاؤ راس
ہی سبب سے یہ مسئلہ جزئیہ فقہیہ ہے کہ اگر سر جاندار قطع کیا جاوے تو حکم تصویر سے
خارج ہو جاوے اس واسطے کہ بدون سر کے حیات جاندار نا ممکن ہے علی ہذا القیاس
جس عضو کی قطع سے مثلاً کل شکم اخر حیات باقی نہ رہے تو وہ غالباً بحکم کل ہے مطلب
جواب اسکا یہ ہے کہ ایمان جو کہ مراد ہے اذعان سے وہ امر اعتقادی معنی بسیط ہے
اگرچہ مومن بہ ذو اجزاء ہوں کچھ ضرر نہیں اور قول لسانی جو کہ بنا بر تعبیر ما فی الضمیر ہے
وہ اوسکا مرکب ہے خارج میں واسطے اظہار اور احساس اوسکی کے باعتبار امور محسوسہ
خارجیہ کے خارج میں بنا بر مزید تشئید کے اور واسطے ازالہ شبہ مخفی کے اور راس گاؤ
و تصویر وغیرہ امور مذکورہ امور محسوسہ ہیں خارج میں قیاس مع الفارق کے قبیل
سے ہے اور یوں بطور قیاس شعری کے جو عبارت ہے معقول کو محسوس کر دکھانا امر آخر
ہے اور تخیلی حقایق امور کی نسبت کچھ تسبیب رسان ہرگز نہیں ہو سکتی ظاہر ہے
اور مسلم ہے۔ الحذر الحذر۔ قسطاس صحت چہارم اور یہ بھی بیشتر تصریح
ہو چکی ہے کہ متعلقات کے آثار و احکام جو بطور قوالب اور ہیئر ایجابات نسبت الی البسیط
کے ہیں ہرگز آسیب رسان نہیں اور بالفرض اگر اس قسم کا کاہی ماہی لحاظ بھی ہو تا ہی
تو امر اعتباری ہوتا ہے کہ محل حقیقت میں یعنی جہاں حقیقت مطلوب ہوتی ہے محض بیکار
اور مضمحل ہوتا ہے جیسا کہ ما نحن فیہ ہے علاوہ لفظ کمال نبوت مندرجہ عبارت تنبیہ
دو حال سے خالی نہیں یا از قبیل اضافہ بیانیہ ہے کہ جسکا مآل یہ ہے کہ نفس نبوت
اور علیین نبوت جو منجملہ کمالات ہے یا از قبیل اضافہ صفت جانب موصوف ہے کہ جسکی
تقدیر نبوت کاملہ ہے ہر دو صورت یا صفت موضحہ کاشفہ کے قبیل سے ہے۔ منہ اخبرنا

جواب اعتراض چہارم

سو ظاہر عقل اضیر حقدوش ہے کیونکہ کوئی نبوت ناقص نہیں بلکہ نفس از نبوت سے جس میزان
پر حکیم قادر علی الاطلاق نے اندازہ کیا ہے الا باعتبار تفاوت مراتب بموجب قول تعالیٰ
تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض یہ تفاضل بسبب کمالات منضمہ کے ہے جو اصل قوام نفس ماہیت
نبوت میں داخل نہیں ایسا امر آخر ہے بنا از قبیل سوابق نعم اور لواحق نعم ہے پس بہر
حال شق اول یعنی صفحہ موضحہ مراد ہے محصول الکلام یعنی ہر نبوت فی نفسہ کامل ہی ہوتی
ہے نہ ناقص جو منجملہ کمالات سے ہے نہ از زمرہ نقصانات مآل ہر دو یعنی واحد ہی پس
حاصل مطلب یہ ہوا کہ نبوت جو ایک کمال ہے وہ ایک امر بسیط ہے تجزی نہ اسمیں نہیں
فی نفسہ یعنی اصل سنخ قوام ماہیت میں گو باعتبار کسی امر خارجی کے جو کہ دخیل ہیں مقاصد
میں بطور امور مقصودہ بالوجاہت واسطہ ازدیاد رونق اور بہار اور ترقی اور انکے
کے تجزی تجویز کر کے خوشدلی بطور طفل تسلی حاصل کیجاوے مگر رؤیا صالحہ تو اس
مطلب سے بمراحل منازل دور ہیں کیونکہ از قبیل مبادی ہیں اونکا تو دخل ہی
نہیں اس قسم کی تجزی مذکور میں پس تجزی رؤیا صالحہ سے تجزی نبوت ہرگز لازم نہیں
آتی اور حالانکہ تجزی رؤیا صالحہ ہی دراصل نہیں بلکہ تجزی زمان رؤیا صالحہ ہی
اور تجزی خاتمیت تو کہاں جو چوتھے درجہ میں ہے کیونکہ اول درجہ تجزی زمان
دوئم تجزی رؤیا صالحہ سوئم تجزی نبوت چہارم تجزی خاتمیت اور قطع نظر اس
سے غرض تجزی نبوت سے تعدد اور تکثر انبیا رہا اور تعدد انبیا سے تعدد خواتم جو
مطلب اہل استشہاد ہے سو بالفرض لفرض محال بصورت تسلیم تجزی نبوت تجزی
خاتمیت جو حسب مزعوم اونکی مستلزم اور مستوجب ہے تعدد خاتمیت اور تکثر خواتم
کو بنظر اسکے کہ آخر ذکر نبوت خاتمیت کا ہے تب بھی ایسا حصول محال ہے بموجب آن
دلائل عقلی و نقلیہ کے جو از ابتدا تا انتہا مذکور ہو چکی اور رسالہ قسطاس [illegible]
اور کوئی مردود عقلی نہیں کہ انبیا کثیر ہوں تو خاتم بھی کثیر ہوں [illegible] الا السلام [illegible]

قسطاس شبعت و تفہیم جانا جاتا ہے کہ ہرگاہ یہ امر ثابت ہو چکا کہ دو صورت اثبات
خاتمیہ اضافیہ استحالہ شرکت فی النبوۃ الحقیقیہ یا قسمت ابتدائی فی النبوت جو مسلم
شرکت مذکورہ ہے فی الجملہ لازم آتا ہے کیونکہ یہ خاتمیہ خواہ تم تو اعتباری عدمی امر ہے
اسواسطے کہ فرد حقیقی خاتم ایک ہی ہے اور فرد حقیقی کا ایک ہی ہونا مسلم النبوت ہے بخلاف
نبوت کی کہ افراد انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کا وجود امر تحقیقی ہے اور افراد کثیرہ متحقق الوجود
اونکی مسلم میں او جالانکہ خاتمیہ امور لاحقہ ملحقہ میں سے ہے گو وسیں شرکت اضافی ہے بھی
کہ وہ بھی بہ نسبت ذات خاتمیہ حقیقیہ کے غیر مناسب الاصل امر نامشروع ہے جو بلا خلفشار
ہے مگر لزوم شرکت نبوت آنحضرت صلعم کہ جو امر مسلم الامتناع ہے و بعض افراد خواتم ست
مستغنی الوجود بالوجود العینی الخارجی اوسکا کیا علاج کیا جاوے جو خلاف عقیدہ اسلام ہے لیکن
اعتبار اور اضافتہ جو محل ہو حقیقیہ نبوۃ مسلمہ بلا شرکت کو تجویز اوسکی بلفظ بالفرض جو نفی تقدیر
ہے یا بمعنی تجویز عقلی ہے بے اعتبار محض ہے اور اگر صرف بمعنی فرض محال ہے تو ارباب عقائد
جو کہ ہر طرح امور متحققہ سے ایسی فرض سے اجتناب فرض ہے ایسی محل میں کار برآری نہیں ہے کہ
کیونکہ میزان تنقیح میں لائق بافتسردگی ہرگز نہیں اسلئے کہ بعد ظہور نبوۃ حضرت نبی آخر الزمان صلعم
کہ جنکا یہ وصف خاص ہے جو بمعنی خاتم النبیین ہے اور دونوں وصف مذکورہ وارد قران شریف
میں لاحق وصف نبوۃ حقیقی ہے بطور حقیقت کے نہ بطور اضافت کی اور وہ زمان نبوت مذکورہ
دراصل ایک ہی زمان ہے ہاں اگر تفصیل ملحوظ ہے تو بلحاظ ۲۳ سال حیات شریف لغایتہ
اور تا قیام قیامت زمان بعد وفات شریف تو مضائقہ نہیں مگر یہ شبہ کہ اگر اور نبی
پیدا ہو خواہ ۲۳ سال مذکور میں خواہ بعد اوسکی قیامت تک تب بھی آپکی خاتمیہ میں فرق نہ آئیگا
بالکل لغو اور پوچ ہے قطع نظر خاتمیہ سے جو امر لاحق ہے استحالہ شرکت فی النبوۃ یا قسمت
ابتدائی مذکورہ ہمراہ وجود نبی حقیقی کے درحقیقت بلا تفصیل مذکورہ یعنی ۲۳ سال مذکورہ یا
مابعد اوسکی تا قیامت لازم آتی ہے اور اگر نبی ثانی نہیں تو وہ خاتم اعتباری اضافی

بھی نہیں مانند حضرت عیسیٰ اور حضرت الیاس علیہما السلام کے استواء سطی کہ ایسا وجود اونکا
صورت مشترکت مذکورہ اور قسمت مذکورہ نہیں و الا تعریف خاتم اضافی مالغ نہیں یعنی استواء
کہ کوئی شئے لوازم اور خصایص یگانہ سے ہرگز پیراستہ نہیں ہوسکتی اور اپنی افراد کو اپنی
لوازم کی پیراستگی سے فائت نہیں ہونے دیتے اور چھوڑ نہیں سکتے اور ہر گاہ کہ
یہ امر بدیہی ہوا تو خواہ مخواہ جامع اور مانع ہونا چاہئے پس لغو ہوگئی تقریر عبارت دافع الوسواس
کے جو قائل ہوئی ہے صدق خاتمیت اضافیہ کو اوپر ذات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کیونکہ
وہ عبارت مذکورہ خود قائل شرط نئی نبی کی ہوئی ہے تعریف خاتمیت اضافیہ میں اور
لزوم استحالہ خلاف قرارداد کا در صورت تسلیم خاتمیت اضافیہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
خواہ قبل نزول از آسمان خواہ بعد ازاں بہر صورت علاوہ برین ہے اسلئے کہ قرارداد
خواتم ستہ ہے نہ خواتم سبعہ اور علی ہذا القیاس بموجب اس تحقیق کے یہ شبہہ اس قسم کے
سب لغو اور پوچ ہیں مثلاً یہ شبہہ کہ زمانہ تو بعد ختم نبوت بھی باقی ہے پس اگر یہ مراد ہے
ختم نبوت سے کہ بعد ظہور ختم نبوت یعنی بعد ظہور خاتم النبیین تب تو صحیح ہے مگر یہ مفید
مطلب نہیں کہ ظاہر ہے اور اگر یہ مراد ہے کہ بعد اختتام نبوت تو غلط ہے اسلئے کہ یہ
نبوت خاتمیت مستمر ہے تا قیام قیامت کیا بلکہ بعد دخول جنان بھی اوسکو اختتام نہیں
مگر یہ امر مانحن فیہ سے لگاؤ نہیں رکھتا بخلاف امر اول کے کہ ظاہر ہے و ثانیاً اگر انتہاء
نبوت مراد ہے جو ہم معنی نسخ ہے تو باطل ہے کہ یہ سب امور خلاف عقیدہ اسلام ہیں
اور اگر یہ معنی مراد ہیں کہ ختم نبوت کیا معنی کہ اور تمام انبیاء کی نبوت بوجود و ظہور اس
نبوت خاتم حقیقی کے تمام ہوگئی یعنی اور کوئی نبی نیا نہیں ہوسکتا اور اور انبیاء قدیم ہیں
سے باوصف متصف ہونے اونکی کے ساتھ وصف نبوۃ کے انتہاء احکام و نکی شریعت
کا جو عبارت ہے نسخ سے تو یہ امر مسلم الثبوت ہے پس عکس مدعا اہل ادعاء لازم آتا ہے
کہ ظاہر و باہر ہے پس ایسی صورت میں بقاء زمان کو بعد وفات شریف خاتم النبیین صلعم

دربارہ وجود خود اتم ست کوئی علاقہ اوسکا دمفید مطلب نہیں لہذا یہ سب امور افوادر
بوجہ ہیں اور یہ ایک مطلب جو بطور تکیہ کلام صادر ہوتا ہے واسطہ اثبات مطلب بود
خواتم ست کی کہ حرص ہی کہ آپ رسانیں اس کہ یہ ہیں یا کسی اور زمین ہیں یا آسمان میں
کوئی نبی ہو تو وہ بھی اس وصف نبوت میں آپ ہی کا محتاج ہوگا اور سلسلہ نبوت آپ ہی
پر ختم ہوگا فقط یہ اس تحقیق سے اور تمل اسکی سب بیخ برکندہ ہے اگرچہ فی نفسہ یہ تمہید بھی
کہ سب انبیاء آنحضرت صلعم کے طفیلی ہیں نہ بطور مطلب بالواسطہ فی العروض کے کہ اوسکا ازالہ
کا حقہ قسطاس مستقل میں کیا گیا ہے مگر یہ فرض بطور امر شرعی بین البطلان نہیں کہ تمامہ
قسطاس اس ہی مضمون سے متعلق ہیں اگرچہ بطور فرض عقلی یعنی تجویز عقلی ہو سکتا ہو
وہ معتبر ہے اور یہ قول کہ یا آسمان میں کوئی نبی ہو بطور استقرار ذیل العلامہ
میں واقع ہوا ہے وبا مبالغۃ تو کچھ مضائقہ نہیں ورنہ اسکو تو یقیناً کاذبۃ عقل جو عقل
سے بخوبی نہیں کرسکتی فافہم **قسطاس شصت و ششم** دربارہ ازالہ ترہات عبارت
رسالہ موسوم السیاسین لبصر المومنین فی رد قول الجاہلین تصریحاً وضمناً ہے جو مجموعہ دلایل
اوسکی سے ہیں اگرچہ اور اقاویل اباطیل اوسکی حدقوی صد حیا اوسکی کے ہو قسطاس
منضاء عموماً مستاصل ہیں یہ عبارت لبصر المومنین یہ ہے کہ ہم واسطے طالبین حق اور دیگر
اہل علم کے کچھ تفصیل کیے دیتے ہیں ۔ اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے کہ النبیین میں لام استغراق
کے واسطے ہے تو آنحضرت صلعم خاتم جمیع طبقات کی ہونگی تو جواب اوسکا یہ ہے کہ ہم نہیں
تسلیم کرتے بلکہ الف لام واسطہ عہد کے ہے اور مراد النبیین سے وہ ہیں جو حضرت آدم سے
لیکر آنحضرت صلعم تک ہوئی الغرض اس ہی طبقہ کلیا میں تھی اور یہ اگرچہ ایک احتمال ہے
لیکن باعتبار علم اصول کے یہ بات بہت قوی ہے تلویح میں ہے الاصل ای الراجح ہو
العہد الخارجی لانہ حینئذ التعیین وکمال التمیز ثم الاستغراق اب مستدل کو چاہیے کہ
استغراق ثابت کرے اور مویدات اسکی ہے جو کتب معتبرہ میں مرقوم ہے اول الانبیا

آدم علیہ السلام وآخرہم محمد صلعم فقط بس احقر العباد شیخ محمد تھانوی کہتا ہے جاننا چاہیے
کہ اکثر تسلط ہوگئیں خصوصیں قسطاس سے تو منقسم میں اسکی چرکٹ گئی لیکن تاہم مختصر سناچاہئیے
کہ فی الحال تو الف لام خاتم النبیین میں استغراقی ہی نہیں ہے کہ ظاہر ہے کہ خود آنحضرت
ہی تو نبی ہیں اور وہ اس الف لام سے خارج ہیں ورنہ خاتمیۃ الشئی لنفسہ لازم آتی ہے
اور مطلب اضافتہ لغو ہوتا ہے۔ اس سے قطع نظر لفظ النبیین جو واقع فقرہ ولکن رسول اللہ
وخاتم النبیین آیتہ خاتمیتہ میں ہے الف لام مذکور واسطے عہد کے نہیں بلکہ واسطے استغراق
کے ہے جسپر دلایل قطعیہ نصوص قاطعہ سناپہ اندازیں چنانچہ خود وہ دلیل جو ہو مطلب
مدعی اول الانبیاء آدم وآخرہم نبینا محمد صلعم ہے وہ ہماری ہی مطلب کی موید ہے
اسواسطے کہ لفظ الانبیاء میں الف لام عہد کا نہیں ہوسکتا بوجہ لازم آنے مصادرۃ
علی المطلوب کے یعنی دعوی عین دلیل ہے کہ دعوی اور دلیل میں موتوعین الف لام عہد کا
ہے اور یہ ضرور ہے کہ دلیل اجلی اور اوضح ہو دعوے سے یہ اولی امر ہے واسطے اغیار
ہمراہی کے دعوی اور دلیل میں جو مانع ہو مصادرہ وغیرہ سے اسواسطے کہ عبارت
مذکورہ کتب عقاید میں کوئی اسکا قرینہ نہیں الف لام عہد پر پس ہردو متساوی الاقدام
ہو کر متہافت ہیں پس متعین ہے مانحن فیہ میں لام استغراق کا اور قطع نظر اس سے جو اور
استحالہ لازم آتے ہیں وہ علاوہ ہیں از انجملہ اگر مراد انبیاء طبقہ ارض علیا ہے ہوں تو
پھر طبقات سافلہ میں بشرط ضرورت انبیاء اول نبی جو آدم کر ملقب ہوئی کتب عقاید
میں یہی آدم طبقہ ارض علیا میں یا کوئی ہی نہیں یا اور کوئی بھی جو رافع ضرورہ ہو
اگر کوئی نہیں باوجود صف ضرورۃ کے تو یہ امر شرعا باطل ہے با کار روائی اور نقل ہے
لہذا نفی تحقیق صاحب تفسیر کبیر کی جو قول معتبر ہے اس جا بیان چنانچہ تکمیل الایمان وغیرہ میں بھی ہے جیسا کہ
معلوم ہوگا گو وہ بھی تحقیق تفسیر کی نہیں ہیں کیونکہ قدر علم محمول تخصیص لغتہ نہیں اور لعوی
ہے اپادوسرکی نسبا بین ضرورہ سے علی ید اللہ باس

عبارت مذکورہ سے بالکل برخلاف تصریح جمہور اہل حق کیا بلکہ اہل قبلہ سے عقیدہ اسلام
نہیں پس قطعاً تعذر پایا گیا عہد سے پس تعین ہوا استغراق فافہم ورنہ بعید قاب ہونے
کی بات ہے از انجملہ مثلاً حدیث ارسلت الی الخلق کافۃ علی ہذا القیاس تصریحات جمہور مذکور
استغراق پر ہیں کوئی صراحۃ عہدیہ نہیں پائی جاتی اور بصورت عہد خلق طبقہ علیا پھر
ضرورت مثل آدم علیہ السلام ہوگی منجملہ خلق مذکور تو عہد در عہد بغیر تکرار حرف عہد بلا قرینہ
قویہ لازم آتا ہے اور یہ امر خلاف بنا اعتراض ہے یہہ سب امور بین البطلان ہیں
ورنہ عام خلق طبقہ ارض علیا بنی آدم وغیرہ از قسم موالید ثلثہ مراد ہوگی سمجھنا مفید
مطلب ہماری نہیں ہے بلکہ تحت رسالت موصوفہ اور بنی آدم قطع نظر بنی الجان
سے تا غیر ذوی العقول طبقہ ارض علیا بھی نوبت رسالتہ موصوفہ پہونچی وہ داخل شرف
ہوئی بطور حیف ہے کہ اس شرف سے ذوی العقول طبقات سافلہ محروم رہیں اور پھر لفظ کافۃ کہ
جسکو موضوع ہے واسطہ احاطہ تامہ کی کہ کوئی فرد اوسکی احاطہ سے فائت نہو کہ جامع
ہے فوت ہونے سے ہر ایک فرد کو بلا تخصیص اس طبقہ ارض علیا کا جز ناس طبقات سافلہ
میں بھی تو ہیں کیا ضرورت رہی ورنہ وہ لفظ کافۃ ناقص ہوا جاتا ہے یا قلب موضوع لفظ
کافۃ کا خلاف تمام اہل لغت و ہم اہل اصطلاح کے قائل ہونا چاہیے اور تخصیص ناس ہی درباره
رسالت کافۃ باوجود دخول جنات کی اوسمیں اور شمول اونکی کے واسطے اظہار شرف
رتبہ ناس ہی محل مطلب نہیں پس یہ استدلال قطعاً فاسد و باطل ہے اور اگر خلق سے
فرد کامل یعنی بنی آدم جو اشرف الخلق ہیں مراد ہے تو کوئی وجہ تخصیص بنی آدم طبقہ ارض علیا
نہیں پائی جاتی اور تخصیص ایسی ہوتی ہے جیسا **قولہ الخ** یعنی حضرت محمد رسول اللہ صلعم قل
یا ایہا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا الذی لہ ملک السموات والارض جو موکد ہے
ساتھہ لفظ جمیعا کے واسطہ ازالہ اس قسم کے اوہام کے پس قطعاً عموم ناس جمیع طبقات
مراد ہیں بالاتفاق سب کو شامل ہے انبیاء اور غیر انبیاء بحکم رسالت کافۃ حسب اندراج

پہر جلسہ ایک اور شفاعت کبریٰ جو عبارت ہے نجات دہی تمامہ خلق سے کہ جسکی بنا تمام
تمامم انبیاء علیہ السلام بوجہ القیامۃ بدست خاتم النبیین صلعم سپرد کرینگی جو ظہور ہے
تقیۃ عامۃ کا جو شامل ہے کل افراد لایق الشفاعت کو بلا تخصیص اور دقیقہ علیا صاف
نازک ہے واسطے عموم تقیۃ لا کہ کے ورا تخصیص شفاعت جو عبارت ہے شفاعت
صغریٰ سے جو اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو واسطے اپنی اپنی امت کی علی قدر
المراتب اور نیز واسطہ امت محمدیہ کے خیال ہیں اونکی شفاعت بمالگی مثل علماء و شہداء
وصلحاء و حفاظ وغیرہ جو ثابت بالنصوص ہے واسطے حضرت خاتم النبیین صلعم لازم
آتی ہے پہر کیا معنی موجب افتخار ہے اسواسطہ کہ شفاعت قاصرہ موجب افتخار [illegible]
نہیں اور یہہ شبہہ کہ ہرگاہ ہر ایک اپنی اپنی امت کے شفیع ہوئی تو پہر آنحضرت صلعم کی عموم
تقیۃ کیسی مقصود ہوسکتی ہے نا بطور زائل ہے کہ یہ کچھ ضرور نہیں کسواسطہ کہ ہر ایک فرد کے
ہاتھ واسطہ نجات شریف خود متکفل ہوں یہہ امر تو واسطے اپنی امتہ کی ابھی نہیں مراد ہی
بلکہ مراد اس سے عموم لیاقت و شیوع صلاحیت شفاعت مراد ہے کہ جسکی بدولت اور
انبیاء لے بھی یہہ رتبہ شفاعت واسطے نجات اپنی اپنی امت کی حاصل کیا یہ ہی معنی
اور مطلب شفاعت کبریٰ ہے یعنی ہرگاہ بڑی بڑی انبیاء و مرسلین اولو العزم دست
بردار ہونگی تو آنحضرت صلعم کس جا کہ خلق سے عموما سب کو اپنی شفاعت سے نجات دلادینگی
پہر بعد گرہ کشائی کے اور انبیاء و مرسلین بالخصوص اپنی اپنی امتہ کے جرائم مخصوصہ سے
بذریعہ شفاعت اپنی کے نجات دلاوینگی پس یہ مطلب قرآن و حدیث سے توافق کران
مخصوص تو سکی برخلاف ہے فافہم از انجملہ مثلاً حدیث ارسلت الی الخلق کافۃ یہ کلام
محل مدح اور ثنا اور افتخار میں صادر ہوئی ہے اثر اوسکا ظہور اور غایۃ اوسکا شفاعت کبریٰ
ہے جو روز قیامت ہوگا علی رؤوس الاشہاد بر سر مجمع اولین و آخرین مخلوق تمامہ طبقات
کیا یا کہ یہ ساری مخلوق خدا حاضر ہوگی پس لضرورت عہد حسب مزعوم زاعمین تخصیص

شفاعت بنسبت افراد طبقۂ اعلیٰ کے لازم آتی ہے جو صورت جنت خاص ہے
اصلی کہ ثابت اور ظہور جو بتقلید فرع سمجھا جاتا ہے دلیل ہوتا ہے اوپر اصل کے اور مقصود
اصلی جو مدح اور ثنا ہے کامل ہے وہ فوت ہوتا ہے کیونکہ مدح اور ثناء کامل بدون احاطہ
شمائل جمیع افراد خلق مشتمل بہم خصوص ایسے صاحب رتبہ کی جسکی شان خاتم حقیقی
اور شفیع اکبر ہے جو شفیع عام و خاص ہے جسکا کوئی ہمسر نہیں مدح اور ثنا نہیں بلکہ
کم اور نقص ہے اسلئے کہ غیر مستوعب ہے اور مخالف نصوص قرآنی اور اخبار ہے از انجملہ
حدیث آدم و من دونہ تحت لوائی یوم القیامۃ ولا فخر واقعی طور پر صادق ہے نہ بطور
مبالغہ مشروعہ جیسا کہ غیر مشروعہ بدلیل التصریح بلفظ ولا فخر اسواسطے کہ لفظ لوا مع محاورہ
طور پر مشہور ہے شامل ہے جملہ ماتحت کو جو طبقات سافلین ملکیہ یا ماتحت الثریٰ اور نیز
مافوق کو بھی درصورت ضرورت شفاعت بنسبت اونکی اور ظاہر ہے کہ روز قیامت جمیع
مخلوقات مشہور ہوگی جو داخل لفظ دون ہے سب کو حالت منتظرہ شفاعت رسول مقبول
علی حسب المناسب ہوگی یہ بھی معنی ہیں اسپر لوائی کے یعنی کسیکی مجال ہنوگی تب کسنائی کی
اسی باب میں تا وقتیکہ مقام بیت الحمد میں آپ تشریف فرما ہو کر سات رات دن محامد رب
میں جو ملہم ہونگی اس قدر جیسا کہ احادیث صحیحہ میں وارد ہے مشغول ہو کر فارغ ہونگی پس جبکہ
امت اجابت ہوگی علی حسب المناسب المذکور تمام مخلوق سے بطور تحقیق مذکور کیونکہ امت
ہر نبی کی بطور تحقیق مذکور گویا امت آنحضرت صلعم ہے سے وہ بطفیل خود فلاح ہوگی
بدرجہ ہر شفیع متوسط کے اور جو کہ امت دعوۃ ہوگی وہ مخلد بعذاب ابدی رہیگی معاذ اللہ
منہا ثم معاذ اللہ منہا اللہم اغفرلنا ثم اغفرلنا آمین ثم آمین پس صحیح ہو گیا مطلب اور مضمون
تحت لوائی کا سبکو شامل ہو کا منتظر توقع و امید فلاح آئندہ کامیابی اور غیر کامیابی تقدیریہ سبکا
امر تقدیری سابقہ ازلی ہے پس خوب جاننا چاہیئے اور پہچاننا کہ سب کچھ مربوط اور
زیر لوائیہ خاتمہ ہے اور رسالۃ کاملہ جو علی قدر المراتب اور علی حسب المناسب سبکو

شامل ہے انبیار اور غیر انبیار کو بلکہ تمامہ کائنات کو بحسب حال اونکی کہ جسکا منشار
قولہ تعم وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین ہے پس باوصف اپنے رتبہ اور شان کے
تخصیص لغنیۃ اور تخصیص خاتمیۃ ساتہہ طبقہ عالیہ ارض علیا یک لخت خلاف روتیہ دین اور
وتیرہ عقل و آئین سا ہے سوای تیرہ عقلی اور کور ذہنی کے اور کچہہ نہین سمجہا جاتا فقط
واللہ اعلم **قسطاس شصت و ہفتم** ازانجملہ بموجب مزعوم زاعمین اگر لام لفظ النبیین
آیہ فبعث اللہ النبیین مبشرین ومنذرین للعہد مختص کیا جاوی ساتہہ انبیار
طبقہ ارض علیا کے تو انبیار طبقات سافلہ مبشرین اور منذرین نہونوں اسواسطے
کہ حال از قبیل قید ہوتا ہے جو مفید ہوتا ہے احتراز کو غیر سے جو باعث خصوصیۃ ہے
یعنی یہ ہر دو وصف بشارۃ اور نذارت دراصل خاصۃ لازمہ ہے انبیار کا اگرچہ ہر گا
بطور پیروہ غیر انبیار سے بہی تبشیر اور انذار ہوتا ہے اور بموجب مزعوم مذکور خاصۃ
اصلی انبیار طبقہ علیا ہی کا ہے اور اس مفہوم مخالف کی اعتبار کرنے کو کہ انبیا طبقات،
سافلہ مبشر اور منذر نہین جو کہ شایع ذایع ہے کوئی امر مانع نہین اور بالفرض اگر مانع
ہو تو بدلیل مزعوم زاعمین جو دیہہ نفس مزعوم ہے مانع نہین اسلئے کہ قید کا مطابق
مقیدکی ہونا ضرور ہے یعنی حال اور ذوالحال کا درباب تخصیص وتعمیم پس گویا مرادیہ ہے کہ یہ
ہی انبیار معہودین مخصوص ہین ساتہہ اس وصف مذکور کے لا غیر فافہم پس اگر کوئی امر مانع بہی
ہوتا قطع نظر اس سے کہ جزئیات وکلیات مین اعتبار مذکور منتفی ہے یا نہین پس وہ بوجہہ
استثنار اس جزئی خاص کے کلیہ سے تائید اس کلیہ ما من عام الا وقد خص لسنہ البعض جو
اکثریہ ہے مانع نہین ورنہ بہر نہایۃ کا ریہہ عذر ہے کہ نص ساکت ہے وصف تبشیر اور
انذار سے بنسبت انبیار طبقات سافلہ کی الیتہ تا وقتیکہ ثبوت ہر دو وصف بوجہ واسطہ
انبیار طبقات سافلہ ثابت نہو کسی دلیل ایسی ہی نص سے یا دست برداری ہو ثبوت خاصّہ
لازمہ ذوات حضرات انبیار علیہم السلام بعض افراد اونکی سے اور قبول ہو انفکاک خاصّہ

صرف بلفظ رحمۃ للعالمین کے تعبیر فرمایا بدون کسی ایسی لفظ کے جو سہم ہو یا بلفظ البشیر اور نذیر کے پس واضح ہوگیا کہ بعثت آنحضرت صلعم کی حسب اندار ہر مخلوق کے تمام مخلوق ہر قسم کو ساری خدائی میں شامل ہے چنانچہ قصہ ستون حنانہ اُنین اوسکی یعنی آواز شبیہہ گریہ بچی کے اور تسلیہ آپکی بہ نسبت اوسکی وقت خطبہ منبر سے اوتر کے سب ہی نے پڑھا لکھا ہے خصوص جو علمار خادم حدیث شریف ہیں پس واضح ہوا کہ ان دونوں آیتوں میں ہرگز تعارض نہیں فافہم ولا تو ہم انا انجملہ علی ہذا القیاس تعارض کا دعوی کیا ہو حدیث بعثت الی الخلق کافۃ میں اور آیہ یا ایہا الناس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعا الذی الآیہ میں بوجہ مذکور اور بوجہ اسکی کہ ناس لائق خطاب اور جواب کی میں باقی اور سب افراد کو حسب لیاقت اونکی بہرہ فیضیابی رسالۃ کافۃ ہے اور رحمۃ عامۃ تامہ سے حاصل ہے پس در صورت لام عہد مذکور الناس میں اور العالمین اور الخلق میں اور ماسوای اسکی ایسی مواضع میں شرف رتبہ خاتم النبیین صلعم ہرگز نہیں کیونکہ یہہ قابل اس نصاب کی نہیں کہ ہم وزن و ہم پلہ بعثۃ عامہ اور رحمۃ تامہ ہو چہ جایکہ دعوا مثل دو بازو طایر بعثۃ خاتمیۃ میں کہ بدون ایک کی ہی قابل پرواز نہیں فافہم و لقمیتہا شہزاد پر ہے اور قطع نظر اس سے شرط میں رتبہ عالیہ کی جو موعود ہو بوعدہ الہی جلشانہ بصیر تجات بینات سے ماثبلا یات و اخبار و آثار و اتفاق امۃ ہے او یشکر ہے یہ کہ ہر گاہ حضرت نوح علیہ السلام سے کہ صفا اولوالعزمی کے بہ نسبت حضرت آدم علیہ السلام کے ظہور دعوت ہوا کہ جسکی سبب سے تمام مخلوق غرقاب ہوئی سوای بیاشی تن او خیلا استقوان بہایم او چند وحشت کہ جسکی سبب سے نجات نہ پائی سابق مطلب رحمۃ للعالمین کا تو یہ حال ہوا علی ہذا القیاس بعہد حضرت آدم چند ان نوبت امتحان بسبب قلت افراد بنی آدم و قلت احکام نہ پہونچی تا انکہ اولوالعزم انبیاء میں سے نہے اگر پہونچی تو بالاتر فراخور حوصلہ اور استعداد سے دنیا کا ہم دستی سو ظاہر ہے کہ حضرت نوح کی اولوالعزمی کو ہرگز ہرگز بدلیل شرعی قوۃ له القوم

فاصبر کما صبر اولوا العزم من الرسل پہونچی اور تشبیہ کا صبرین جو اس خطاب فاصبرین ہے
نفس صبر غیر مکیف میں ہے محل مقصود نہیں علی ہذا القیاس اعدا انبیا ماتحت کا حال کہ
اکثر امم اونکی ہلاک و تباہ و برباد ہو گئی کو پہونچی **قولہ تعالی** فمنہم من خسفنا بہ الارض ومنہم من
اغرقنا ومنہم من ارسلنا علیہ حاصبا الایہ اور بعض امتہ مبتلا بلا مسخ کریمہ وجعلنا
منہم القردۃ والخنازیر مشہور ہو کچکی معاذ اللہ منہا بخلاف اس امتہ مرحومہ کہ جو بلقب
رحمۃ للعالمین ملقب ہے اوس ہی رحمۃ اور مقبولیۃ تامہ رسالت کا قد کا ظہور ہے
وغیرہ ایات کریمہ قد فلت من قبلہم المثلات یہ آیات قطع نظر اہل عرب و اہل ہند کے تمام
دنیا و دین ہی تو دیکھی پڑھی سنی گئی ہونگی اور لفظ لام العالمین میں واقع آیۃ تبارک
الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعلمین نذیرا اصلی استغراق کے ہے بدلیل
انزال لفظ نذیر کے اور ترک لفظ بشیر کے تاکہ انذار شامل ہو جاوے امتہ دعوۃ
کو بھی اور جملہ مخلوق کو بھی حسب اندازہ سرشت اوسکی کے بدلیل کریمہ وان منہا لما یہبط
من خشیۃ اللہ اور کریمہ لو انزلنا ہذا القرآن علی جبل لرأیتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ
اللہ اور حدیث شریف دربارہ ندا جبل جبل دیگر کو ہل مر بک رجل ذکر اللہ الحدیث
جو کہ یہ مضمون متواتر پر نوشتہ ہے اوس ہی آیۃ رحمۃ کا یعنی وما ارسلناک الا رحمۃ
للعالمین کا اور علی ہذا القیاس لفظ العلمین کا اکثر جا نازل ہے قرآن شریف میں
مثلاً الحمد للہ رب العلمین میں اگر موافق مزعوم زاعمین لام عہد ہو استغراق نہو
تو لازم آتا ہے کہ یہ مدعو بعض افراد کا رب نہو اور وہ اوسکی مربوب نہوں
یا ذی العقول طبقہ مرتفع علیا ہے کا رب ہو اور وہ ہی اوسکی مربوب ہوں اور کائنات
کو نی اور سہوا کو کوئی بھی نہو یا نہ کہ لازم آیا یا پیدا لیس بعض مخلوقات بغیر خالق اور رب کے جو محتاج ہے
خالق اور رب کے ایسین رہ گئے اسے پیدا ہوئی لیس معلوم ہوا کہ یہ امر علی العمیا کو دیا قائم
اندازہ نہیں بلکہ دو وسطی اسکی میزان ہے وہ قرائن شرعی ہیں اور شہر قرائن عقلی

بھی اونکی ساتھ منضم ہو جاوین بعض صورتین عقلی حسب قابلیتہ مقام تا کہ استحالجات
شرعی وہم عقلی بھی اسی شرعی لازم نہ آجاوین مانند **قولہ تعالیٰ** اصطفیٰک علیٰ
نساء العالمین مین جو کہ حضرت مریم علیہا السلام نازل ہوئی قرینہ شرعی قایم ہے
لہذا الف لام واسطے عہد کے ہے وہ معہود اہل زمان مریم علیہا السلام ہین باتفاق
مفسرین تا کہ لازم نہ آوی فوقیت اوپر بنات آنحضرت صلعم کے اور اوپر اون
ازواج طاہرات کی جو دار دنیا مین ازواج ہوئین اسلئی کہ حضرت مریم علیہا السلام
داخل سلک ازواج دار آخرت مین ہونگی نہایت کار یہ ہے کہ ہمسر اور ہمرتبہ ازواج
طاہرات ہوں فائق لوگون سے ہون بکریمہ یا نساء النبی لستن کاحد من النساء ان
جیسا کہ نساء اس آیتہ مین معہود ہین نساء طبقہ ارض علیا کے بلکہ تم ان سے فائق ہو
مانند العالمین مذکور کے محتمل ہے کہ مریم علیہا السلام سے ازواج بنظر مذکور فائق ہون
تا ہمسری مین تو کلام ہی نہین بخلاف حضرت عائشہ صدیقہ رضہ بموجب حدیث شریف
بخاری شریف کمل من الرجال کثیر ولم یکمل من النساء الا آسیۃ و مریم بنت عمران و
فضل عائشہ علی سایر النساء کفضل الثرید علی سایر الطعام ظاہر ہے فضلیت حضرت
عائشہ رضہ کی اوپر حضرت مریم کی اور عموما کریمہ کنتم خیر امۃ اخرجت للناس مین جو کچھ
سلطف فضیلت ہے وہ ظاہر ہی پس عقلا و نقلا فضیلت واضح ہوگئی لہذا ضرور اور واجب ہوا
لام عہد جاننا اس آیتہ مین علی ہذا القیاس فضیلت حضرت خدیجۃ الکبری اور حضرت
فاطمۃ الزہراء مین جو کچھ آیات واخبار و آثار عموما و خصوصا وارد ہین سو وارد ہین مخفی نہین
اور ہر چند حضرت آسیہ اور حضرت مریم بھی آخرت مین ساتھ ازواج مطہرات مین
داخل ہونگی تب بھی حضرت عائشہ رضہ کی فضل کو نہ پہونچین گے بدلیل کریمہ کنتم خیر امۃ
اسلئی کہ اول تو دو لون یہ زمرہ خیر امتہ سے نہین دویم یہ کہ حضرت عائشہ کی حق مین
حدیث فی سرقۃ من حریر موجود ہے بخاری شریف مین کہ پارچہ حریر مین حضرت صلعم

کو دکھایا کہ انبیین اور کہا گیا کہ ہمارا ردِ جتنا بھی فی الدنیا والآخرۃ اور اختلاف فضیلت بھی کسی کا لحاظ ہر رتبہ
سوائے حضرت مریم امر کوئی بھی عورت نبی نہیں ہوئی اور ذکور شرف دار ہیں حاصل یہ کہ تخصیص زمان مذکور مناسب طبق شرف حضرت
نور علیہ السلام ہم بدل کر نسبتی سے زجاجہ ہے مرکب تو ان تا ختتن یہ زجاجا سیرا بیدانہ اختق

۴ ہر سخن وقتی و ہر نکتہ مقامی دارد **قولہ** علی حسب القابلیۃ لتمام من نور ان نوار ہا
فالمطلق المجرد عن الدلائل یحمل علی الادنیٰ لانہ متیقن فاذا وجدت الدلائل کالنیۃ وغیرہ یحمل
علی الکل کذا فی الکشف ۱۲ فافہم لیس تحقیق وتعمید کلمہ لام النبیین مذکورہ آیات کے ساتھ
طبقہ ارض علیا کے ہرگز نہیں جا بہنی تعمیم ضرور ہے اور واجب فتنبہ ولا تغفل فقط

اور علیٰ ہذا **قولہ تعالیٰ** و اذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اتیتکم من کتاب وحکمۃ ثم جاءکم
رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ قال ءاقررتم الآیۃ پس حسب مزعوم
زاعمین بعض انبیاء اخذ میثاق سے فائت ہوں تو کیا شرف رتبہ ہے خاتم النبیین
طبقہ ارض علیا کا اور انبیاء طبقات سافلہ خود تم ستہ وغیرہ محروم رہیں حصول شرف رتبہ
تصدیق خاتم النبیین طبقہ ارض علیا صلعم سے یعنی مستحق یہ ہنوال یعنی وہ جو کہ انکی
ساتھ ہے کتاب اور حکمۃ سے بے بہرہ ہی اور بے ختام اور نیز محروم رہی انبیاء مذکورین
شرف ایمان لانے سے ساتھ خاتم النبیین صلعم طبقہ ارض علیا کے حالانکہ یہ خلاف
عقیدہ ہے اسواسطے کہ کوئی نبی نہیں جو بایں گرحقیت نبوۃ ساتھ گری کے ساتھ ایمان نہ رکھتی
ہوں اور نیز محروم رہے شرف رتبہ نصرت اور اعانت نبی آخر الزمان خاتم النبیین
صلعم سے علیٰ ہذا القیاس اقرار سے اور اتمام شہادت سے اور جو مقتضا آیت ہے ہر کارہ فقط
ثم جاءکم رسول مصدق بعد لفظ میثاق النبیین نے نظم قرآن میں تو ثابت ہوا بعد
استغراق النبیین یا رسول مصدق کا ساتھ ترتیب زمانی بالمہلت کی جو کہ مقتضای ہے
لفظ ثم کا اور مصداق اسکا یعنی مہلت کا ایام فترۃ ہے جو بعد زمان ارتفاع حضرت
عیسیٰ علیہ السلام رہے تا بعثت حضرت خاتم النبیین صلعم تو ثابت ہوا کہ خاتم النبیین صلعم

سب انبیا رسی متاخر الوجود ہین ساتہہ تاخر زمانی کے نہ مکانی کی اور نہ باعتبار صرف
شرف رتبہ کی جیسا کہ توہم ہوا بعض فضلا کو جو فوقیت دیتی ہین شرف رتبہ کو اوپر شرف
تاخر زمانی کی بلکہ فی الواقع شرف شرف زمانی ہے بالاصالتہ بسبب امکان مجامعتہ
ہر دو رتبہ کے پس کچہہ ضرورت اور احتیاج نہین طرف تفرد شرف رتبہ کی بلکہ موقوف
ہے مقصود اصلی کو جو شرف تاخر زمانی ہے اگرچہ فی نفسہ شرف تاخر زمان نہین مگر
ہرگاہ معتبر شرعی ہوا بطور ظرف مظروف اور شرط مشروط جو یہہ ہیئت ترکیبی ملازمتہ
غیر منفکہ ہے بدون اوسکی ظہور اوسکا نہین کہ جسکی ساتہہ خود صاحب رتبہ نے افتخار
اپنا کیا نحن الاخرون السابقون جسکا شاہد ہے تو شرف رتبہ جو اصل تہا وہ بغیر
تاخر زمان کے خود نا معتبر ہا فافہم پس یہ قول کہ جائز ہے کہ یہہ خواتم ستہ طبقات
سافلہ پیشتر وجود خاتم النبیین طبقہ ارض علیا سے صلعم گذر چکی ہون اور تابع شریعت
محمدیہ ہون باطل ہے بموجب اس فقرہ لما اتیتکم من کتاب وحکمۃ کے اسلئے کہ اونکی ساتہہ
کتاب اور حکمۃ یعنی دانش جو جزو اید پر اصل مطلب کتاب ہے ثابت ہوئی کسیکی پاس دونون
اور کسیکی پاس ایک ان دونون مین سے پس ثابت ہوگیا کہ وہ خواتم ستہ مزعومہ بہی ذیل
انبیاء گذشتہ مین داخل ہوئین تو جیسا کہ اور انبیاء علیہم السلام گذر چکی اپنی اپنی کتاب اور
حکمت کے ساتہہ اور خاتمیتہ خاتم النبیین صلعم مین کچہہ دخل نہ رکہتی تہے ویسی خواتم ستہ
بہی گذر چکی اور کچہہ دخل نہ رکہتی تہی خاتمیتہ مین نہ حالاً نہ مالاً نہ حقیقتہ نہ اضافتہ اسلئے
کہ زمانہ ماضی کے زمانی زمان حال اور زمان استقبال کے زمانیون کے ساتہہ ہرگز
مجامع نہین ہوسکتی قطع نظر اور استحالات شرکت وقسمت ابتدائی مذکورہ قسم اول ہیولا النفہ
ہے کیونکہ یہ استحالہ تو متعلق ہے بوجود خواتم ستہ زمان عطف حال خاتم النبیین لہم مین جو کہ
معتبر بزمان حیات ہے اور زمان عطف استقبال جو معتبر بزمان بعد وفات شریف ہے
سو وہان تک اس صورت مین نوبت ہے نہین پہونچتی جو قابل اعتذار اور باعث توجیہہ

اور لایق بحث سوا باقی رہی یہ بات جو بطرا ہر عموم زاعمین ہے کہ یہ نسبت اپنی انبیاء ملتبعہ
کے خاتم ہونی کی یہ لقب خاتم اضافی عقلاً صادق آتا ہے لہذا ہم اطلاق کر سکتے
ہین کہ خاتم اضافی اگرچہ زمان ماضی مین بہ نسبت زمان خاتم النبیین صلعم گذشتہ چکی
ہون یا کسی زمان عین ہون اول تو یہ تخیل بشرق تاخر زمانی جو عنقریب گذرا کافی ہے
ورنہ اونکی جوابات بایدو شاید قسطاس سابقہ مین معین مثل گذر چکی ہا انجملہ مسئلہ
اصول لابد لصحۃ الاطلاق الشرعی من الاذن الشرعی اور اگر ہوا خواہی مزید تحقیقات
ہے قسطاس سابقہ مسئلہ کو بغور انصاف ملاحظہ کامل کرے تا مزید کشف حقیقت حال
ہو جاوے حفظ قسطاس ششصت و ہشتم لیس جب کہ ایک جملہ کا محل تفصیل عبارت
نصر المومنین مذکور کا حال کہل گیا اسیطرح جملہ تیسری کا حال کہلا جاتا ہے جو جملہ
تیسرا یہ ہے کہ قرآن مجید مین مذکور ہے انی فضلتکم علی العالمین اور تبارک الذی نزل
الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا اور اکثر جگہ لفظ العالمین ہی جمع ہو کے
الف لام استغراق کے تخصیص کی ہے لیس یہہ کہنا کہ نص قطعی کے یہ خلاف ہے
بجز جہالت کے کیا تصور کیا جاوے حیطرح معلوم ہوا کہ زاعمین مرحوم نے تسلیم کیا
الف لام النبیین کو بہی واسطہ استغراق کے اگرچہ بطور استغراق اضافی کے
کہ مال کار راجع ہے طرف عہدی کے چنانچہ قسطاس آئندہ مین اوسکا حال کہل جاویگا
اور تسلیم مذکور بوجہ تمثیل علی العالمین واقع آیۃ انی فضلتکم علی العالمین اور للعالمین نذیرا
واقع آیۃ تبارک الذی نزل الفرقان الایۃ کی ہے مگر بعد تسلیم استغراق پہر
رجوع کیا اوس سے طرف تخصیص کے بطور معہود خارجی کے بسبب ان دونوں کے
یعنی علی العالمین اور للعالمین مذکورین کی تمثیلا و سطی ہو پہنچا ان حکم ان خرمنیا تا کی
طرف جمع النبیین کے منجانب علت علاقہ تشبیہہ و تمثیل حالانکہ فرق او تمیز کی
تباین ان دونون جزئیون مذکور علی العالمین ہی یعنی العالمین اور للعالمین مذکوران

مین جیسا کہ فرق بیّن مذکور ہو چکا یعنی قرائن شرعی ہم منضمہ بقرائن عقلی اور ہو گا کہ بدلیل قرینہ مذکورہ حال ایک جبال تمثیلی کا کہ جسمین علاقہ تمثیل و تشبیہ موجود ہے معلوم ہو چکا کہ وہ واسطہ استغراق کے لازم اور واجب ہے ویسا ہی دوسرے جبال متصف بعین وصف کا بھی حال ایسا ہی ہونا چاہئے بخلاف اس جبال کے کہ سلک علاقہ تمثیل و تشبیہ مین منسلک اور منخرط ہی نہین مانند العالمین واقع آیۃ انی فضلتکم علی العلمین مین ای علی عالمی زمانہم کما فی البیضاوی بحق بنی اسرائیل نازل ہے اور انی اصطفیک علی نساء العلمین ای عالمی زمانہا بحق مریم علیہا السلام نازل ہے بلکہ یہ دونون جمع ہائے مکسر تمثیل مین کیونکہ علاقہ تشبیہ متحد ہے یعنی قرینہ شرعیہ باعتبار نزول کہ شان خاص کہتی ہین وہم باعتبار مزاحمت عقیدہ اسلام مستخرجہ از نصوص قطعیہ قرآنی اور احادیث واجماع امت دربارہ فضیلت حضرت خاتم النبیین صلعم و نیز دربارہ فضیلت حضرت عائشہ صدیقہ و حضرت خدیجۃ الکبریٰ و حضرت فاطمۃ الزہرا رض کما مر عنقریب غیر بعید او قطع نظر اس سے تا آنکہ متقابلہ امم سالقہ بمقابلہ امتہ اجابتہ حضرت خاتمیتہ مانند کریمہ کنتم خیر امتہ ای خیر طریقہ اخرجت للناس الآیۃ جو کہ نازل ہے بحق امتہ محمدیہ خیر الامم کے باتفاق مفسرین یا بیا اپنے اوصاف جبلہ کو از قبیل جہل وغیرہ نسبت کرنا صاحب مرغوب المسلمین کی رد قول الجاہلین کا طرف اور علماء کے بجز اس قول شاعر کے کیا تصور کیا جاوے

خوشتر آن باشد کہ سیر دلبران — گفتہ آید در حدیث دیگران — ایسے الفاظ گر یہ ذات مناظرہ صحیحہ سے دور ہے از قبیل مشاغبہ کیا مسابئہ و مشاتمہ ہے تا بہ مقاومت ایسے مناظرہ کے کسکو حاصل کریمہ لا تسمعوا لہذا القرآن والغوا فیہ لعلکم تغلبون کریمہ انہ لا یحب المستکبرین حدیث شریف من طلب العلم لیجاری بہ العلماء او لیماری بہ السفہاء ادخلہ اللہ النار وارد ہے کریمہ وجادلہم بالتی ہے احسن وکریمہ ادفع بالتی ہی احسن

الخ **قولہ النعم** نقل ایہم فی التسہیم دولا بلیغا اگرچہ خواہ اداء مضمون از قسم ذیل تطویل
ہو تو بالفاظ حسن و شائستہ ممکن ہے غرض از مطلب جاہیئی اور نہ کسی تفسیر کا در بارہ
حوالہ دہی اکثر تفاسیر اور نہ اہل تفسیر کا اس عوی ہو نے الف لام عہد کے العالمین

ہین جو واقع ایۃ تبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا ہے
نشان دیا **قسطاس شست و نہم** وجملہ دوسرے کا بھی جواب اس ہی
جواب سے حاصل ہے کیونکہ اسمین بھی تسلیم ہے نسبت الف لام استغراق کے
لیکن فقرہ نظیری بطور نشا ، استدلال کے جو سا در ہوا ہے کہ یہ لن ترانی مناظرہ
ہمارگی اہل التسنن اعداء اہل التشیع اور معتزلہ میں البتہ وہ امر تحقیق طلب ہے حقیقت
سپرد قلم ہوتا ہے اور وہ دوسرا جملہ مذکورہ عبارت الغرالمومنین یہ ہے
کہ ہمنی تسلیم کیا الف لام استغراق کے لئے ہے لیکن استغراق بہ نسبت ایام کے
عالم کے ہے دیکھو لن ترانی سے معتزلون اور شیعون نے استدلال کیا کہ لن
تابید او ہمیشگی کے لئے ہے پس دیدار خدا کا آخرت مین بھی کسی مسلمان کو نہوگا
اہل سنت نے جواب دیا کہ بر تقدیر تسلیم تابید سے مراد ہے اس ہی عالم کا اسیطرح
استغراق بھی بہ نسبت بعض چیزون کے قرآن و حدیث مین مستعمل ہے فقط —
پس جاننا چاہیئے کہ یہ وہی استغراق اضافی ہے جسکی انکشاف حال کا وعدہ
کیا قسطاس سابق مین استغراق اضافیہ بلا منشاء اور بغیر صریح دلیل شرعی عدہ
قرینہ قطعیہ جو قائم مقام صریح دلیل ہے تو اسکل خمیر مایہ سترہب فرعومہ ہے جسکا یہہ
تمام فساد بپا ہے اور قلع قمع اوسکی سب قسطاس ہین بخوبی ہوئی ہے اور نا جانیئے
منافی استغراق اور چیز ہے اور منافی تابیدلن اور چیز لیکن قیاس کرنا استغراق کو اوپر
تابیدلن کے امر فارق اور مغایر ہے اسواسطے کہ استغراق بہ نسبت جمیع افراد ہوتا
ہے بلا لحاظ تخصیص کسیہ زمان زمنہ لمنہ سے ایجابا یا نفیا اور تابیدلن بہ نسبت استمرار

حکم نفیا ہوتا ہے زمان مستقبل مین کسقدر تفاوت ہے اور بالفرض اگر یا جتہ اع
جملہ استغراق اضافی ہے تو استغراق ناقص ہے جو مغیا ہے ساتھہ غائیہ یا قصر
کے یہ شان استغراق نہین بلکہ از قبیل مر معہود ہے جو کہ ما نحن فیہ ہے اسیسیل
اوسکی مسدود ہے جیساکہ گذرا خواہ مخواہ وریل ہونا امر بمعنی کے جو فضول
ہے مگر ان صاحبونکو ایک نہ ایک مزعوم چاہیے خصوص اضافی بلا ضرورت بلا منشا
اضافتہ یا ایک بات خوب ہاتھہ لگ گئی یا تکیہ کلام ہے اب نظر کرنا چاہیے استعمالات
تابید لن پر موافق اس تحقیق کے **قولہ تعم** لن ابرح الارض حتی یاذن لی ابی مغیا ہے
ساتھہ غائیہ ناقص کے کریمہ انا لن ندخلہا ابدا ما داموا فیہا مغیا ہے ساتھہ غائیہ
ناقص کے کریمہ لن تبید ہذہ ابدا علی ہذا القیاس او راشلہ بعینہ متعذر استغراقکی کی مانحن
فیہ مین خواہ مخواہ رعو کہا کہا تا اور رعو کہا دینا و اسطے ثابت کرنی اپنی مزعوم کے
بلا حوالہ سند معلوم کار روائی ناقص ہے قابل اعتبار نہین پس یہان سہرے ہے
استغراق نہین بلکہ استمرار ہے اور یہ ایک زمان آیندہ کے اور عام ہے کہ غائیہ مغیا
لی ملفوظہ ہو یا مقدرہ ملفوظہ تو ہر دو مثال مذکور مین ساتھہ لفظ ما داموا کے اور لفظ
حتی یاذن کے ظاہر ہے اور مقدرہ ساتھہ مدت العمر کے مثال لن تبید ہذہ ابدا
یعنی اس مغیا کی غایۃ مدت العمر ہے متکلم کے یا اقران و امثال کے ہناییہ کا رتا روز
فنا کلی باعتبار عقیدہ تجربی کفار کے نسبت موت اپنی کے باستدلال عقلی در
تجربی او مشاہدہ کے بدلیل ہلاک قرون ماضیہ او رسب جانے تمام ہمگتون
کے امثال و اقران اپنی کے اگرچہ انکار حشر کے معتقد تھے کہ سیاق اس ہی کریمہ
کا دال ہے وہ امر آخر ہے کریمہ و ما اظن الساعۃ قائمۃ بسبب انکار حساب و کتاب
کے پس تقدیر عبارت یہ ہے لن تبید ہذہ مدت العمر او یعنی مدت العمر وغیرہا کما مر
پس معلوم ہوا کہ غایۃ اس استمرار کی موت ہے جو کہ قیامت اول ہے بموجب حکم حدیث

شریف میں بانفخۃ قیامت قیامت کے یا قیامت وسطی کہ کوئی شئ کا باقی نہ رہ
اور سارا قرآن کہیا جاوی **قولہ لقد** ولقد آتیناک القرآن الاولے الایۃ اور روایۃ
یا قیامت کبری جو روز حشر موجود ہے اسناد مجازاً یا فنا رابع مذکور جسکی خبر
اشارہ لفظ ندہ ہے اور اطلاق قیامت اوپر موت و ہلاکت کے حدیث شریف
مذکورہ مین مجازاً ہے کیونکہ موت کی بعد قیامت یعنی حشر جو ہم معنی قیامت ہے
بالضرور ہوگا اور بالفرض استغراق اضافی ہی ہی لیکن تاہم مفید انکا عند استغراق
اضافی ماتحن فیہ مین بوجہ تال کا رعمل ہو جانے کے جسکی خرابیان مذکور ہوگئین ہیں
اور ماونکا استعمال بالاستیعاب والاستغراق ہوگا ہمنا بایغزلہ وشیعہ نفید ہو
کسی مطلب خاص کو الزاماً اور حالانکہ اثبات درجہ اور وسطہ فیما بین عہد اور استغراق
کا کوئی قایل نہین معلوم ہوتا میں کہتا ہوں کہ جواب شیعہ اور معتزلہ کا انظر حیران
اور الیق اور اوفق ہے کہ سیاق کلام رب ارنی انظر الیک ہے اور یہہ درخواست
حضرت موسی متعلق بدار دنیا تہی نہ بدار آخرۃ اور ضرور ہے کہ جواب مناسب
سوال ہو یعنی ای موسی تو دار دنیا مین ہرگز نہین دیکھہ سکتا کیونکہ دار دنیا اور رویۃ
اوسکی جوکہ محتاج ہے الات جسدانی کے کہ وہ سب فانی ہین اور رویۃ الہی جلشانہ
باقی ہے فانی باقی کو محیط نہین ہو سکتی مانند کریمہ قل لو کان البحر مداداً لکلمات ربی
لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی ولو جئنا بمثلہ مدداً اور کریمہ ولو انما فی الارض من
شجرۃ اقلام والبحر یمدہ من بعدہ سبعۃ ابحر ما نفدت کلمات اللہ ان اللہ عزیز حکیم
یعنی فانی باقی کا احاطہ نہین کر سکتا - کریمہ ولکن انظر الی الجبل فان استقر مکانہ
فسوف ترانی الایۃ تا آخر انی تبت الیک معتقد دعوی حضرت موسی علیہ السلام کہ
اعتقاد نفس مطلب اہل السنت کے ہاتھہ آیا کہ رویۃ الہی جلشانہ فی نفسہ ممکن ہے اسو
اسطے تعلیق بالممکن ممکن ہوتی ہے پس رویۃ الہی جلشانہ بہی ممکن ہوئی کسی دار مین ...

ضرور ہیں کہ دار دنیا ہی میں ہو لیکن بوجہ مذکور دار عقبی ہی میں متعین ہوئی وہ
ایسی جگہہ ہے کہ جس جگہہ ممکن بہی بنظر بقا و دوام واجب کی حکم میں ہوجائیگا
جیسا کہ کل اہل اسلام کا عقیدہ ہے اور بسبب خیال حصول رتبہ دار دنیا میں حضرت
موسی خواہان ہوئی بعد مسموع جواب لن ترانی متعذر ہوئی اور یا سوای اسکی
اور نصوص قطعیہ صریح ثبوت رویتہ کے دار آخرہ میں دیگر ہیں قولہ تعالی یوم
یکشف عن ساق و یدعون الی السجود و ہم سالمون اور کریمہ وجوہ یومئذ ناضرۃ الی
ربہا ناظرہ اور وارد احادیث صحیحہ مشہورہ بہی بحکم متواتر المعنی ہیں تابع آیات مذکورہ
پس اس امر کو بہی اوس بہی میزان شرعی مذکور یعنی قرینہ شرعیہ مذکورہ کے ساتھہ تول
جو کہہ لینا چاہیے تا کہ خلاف شرعی لازم نہ آوی خلاف عقیدہ اہل سلام خصوص
اہل السنت کیں اسلئے ہم کہتی ہیں کہ یہہ التباس استغراقی جو ساتھہ لن استمراری
کے ہوتا ظاہر ہوگیا پس سوال جواب شبہہ جو یہان سے اسپر بیگانہ تہا اور بطور
تقریر ملتبسانہ پیش آگیا تہا یا بطور کم فہمی معترض تہا غرضکہ جسطرح پر تہا اوسکی
نسبت بہی جواب کامل بعنایت الہی جلشانہ ہوگیا پس بعد رفع التباس اصل مطلب
ثبوت خاتمیتہ خاتم النبیین صلعم لفظ النبیین سے جو نبیہ خاتمیتہ میں نازل ہم
اور علی ہذا القیاس مطلب ثبوت حیثیت عامہ واسطہ تمامہ عوام کے مفہوم لفظ العالمین
آیتہ رحمتہ مین بخوبی واضح ہوگیا اور نیز واضح ہوگیا کہ حسب قرینہ مقام یعنی قرینہ
شرعی موافق مقام متعین ہو جاتا ہے یعنی لام استغراق بجای خود اور لام عہد
بجای خود مانند علی نساء العالمین میں اور ما نحن فیہ فضلتکم علی العالمین یعنی البشر [illegible] زمانہم
حال حکم شرعی اور عقیدہ شرعی ہو لیکن بالضرور باعتبار لام عہد النبیین کا آیتہ [illegible]
میں بطور زعم صاحب مختصر الوسطین جو ہوتی ہے خصوصیتہ خاتمیتہ خاتم النبیین
کو ساتھہ طبقہ ارض علیا کے اور آیتہ رحمتہ میں قطعاً باطل ہے فافہم ولا تتوہم فقط

قسطاس ہفتادم دوسری وجہ حمایتہ تفسیر مذکور یہ ہے کہ عموم نص کے قطعی ہونے
میں بڑا اختلاف ہے امام شافعی وغیرہ عام کے ظنی ہونے کے قایل ہیں بلکہ حنفیہ میں سے
بہی مشایخ سمرقند ظنی ہونے کے قایل ہیں اور کہتے ہیں کہ مفید وجوب عمل ہے نہ مفید
اعتقاد بلکہ مذہب جمہور فقہاء اور متکلمین کا کتب اصول میں بہی مذکور ہے اور بعض علماء
نے بہی مذہب آئمہ اربعہ کا قرار دیا ہے کما لا یخفی علی من طالع التلویح والتحریر پس
نص قطعی کہنا اوسکا غلط ہے ہان بنا بر مذہب بعض علماء کے البتہ صحیح ہے وہو
لا یفید مطلوبکم فقط لیکن جائے غور ہے کہ صاحب عبارت ہذا نے اسقدر بہی بیان
اور خیال نہ کیا کہ عموم نص کا علاقہ عمل سے ہے بوجب مذہب جمہور متکلمین
فقہاء وغیرہ اور مانحن فیہ از قبیل اعتقادیات ہے پس یہ قول کہ نص قطعی کہنا اوسکو
محض غلط ہے ہان بنا بر مذہب بعض علماء کے البتہ صحیح ہے فقط میں کہتا ہون کہ
یہ بہی قول غلط ہے صحیح نہیں اسواسطے کہ جو نص صرف مفید عمل ہوگی وہ مفید اعتقاد
نہین جیسا کہ صلوۃ وتر کے کسی کے بہی نزدیک مفید اعتقاد نہیں نہ نزدیک مجتہد
نہ بعض ہان مگر جو کہ مفید اعتقاد وعمل دونون ہوگی یا صرف اعتقاد ہوگی وہ
برابر ہے اس بارہ میں یعنی افادہ قطعیہ میں مثل نص وارد باب فرضیت صلوۃ الخمس
لیکن مانحن فیہ میں صرف از قبیل اعتقادیات ہے — اور مع قطع النظر عن ہذا ہم حنفیون کے
نزدیک عام خص منہ البعض کا حکم خاص قطعی ہے پس مانحن فیہ میں یعنی خاتم النبیین قطعیا قطعیۃ
عموم لعل ثابت ہے پس شامل ہوئی خاتمیت خاتم النبیین جمیع طبقات ارض کو بلکہ عرش
فرش کو بلکہ تمام خدائی کو فلا یمکن احد من المستغرقین فی الاوہام —
قسطاس ہفتاد و یکم اور جاننا چاہیے کہ وہ عبارت مذکور کہ جسکی پر تردید پر تفصیل
تمہی صادر ہوئی جو مسند رحیہ سوال سائل ہے وہ خود مختل ہے اور بیکار اور عبارت
سوال مذکور یہ ہے کہ زید کہتا ہے کہ جو کوئی کسی طبقہ میں دوسرا خاتم النبیین تجویز

کلام میں مراد اہل اسلام سے اہل السنت ہیں پس یہ قول اپنی مثال عبارت
تنبیہ المومنین کا اہل اسلام کے بعض فرقے ختم نبوت ہی کے قائل نہیں اور بعض
قائل ختم نبوت تشریعی کے ہیں نہ مطلق نبوت کے باطل ہوگیا غرض ہماری تحقیق
بلاحق ہے یہی باطل اور الی عند اہل ہوا ہی آپ کی وہ بہ شیوا اتباع النبی ہی ناہی نحن اہل الحق فدفعلما
ثم لیس کل ذالک وباطل المعاند علی ذالک فقط اور بعض تحقیق ہماری جو ضمن عبارات
سے اور پر عبارت دافع الوسواس و موافقہ کے اور عبارت تنبیہ المومنین فی
رد قول الجاہلین وغیرہ سے عموماً و خصوصاً اوس قسطاس میں جو مشتمل تحقیق مسئلہ
امتناع نظیر سے گذری ملاحظہ کرنا چاہئے مگر کچھ مختصر بیان اس تحریر میں بھی ہے امتناع
نظیر کے مسئلہ کی یہ تحقیق ہے کہ امتناع بالغیر ہے اور بالعرض بالذات کیونکہ آنحضرت
صلعم خود ممتنع بالذات نہیں تو نظیر بھی اوس کی ممتنع بالذات نہوا اسواسطے کہ حکم نظیر کسی
شئے کا حکم اوس کا ہے ورنہ نظیر نظیر ہی نہیں پس ذات آنحضرت صلعم ممکن بالذات
ہے پس نظیر بھی ممکن بالذات ہے اور جو ممکن بالذات ہے تحت قدرت الٰہی جل شانہ کے
اور ممکن تو غیر تحت قدرت الٰہی جل شانہ بالعرض ہے بنظر نفس امکان کیونکہ در اصل تو ممکن
بالذات ہی تھا مگر بوجہ عروض کسی غیر کے یہ اثر پیدا ہوا کہ ممتنع بالغیر ہوگیا اگر پیدا نظیر
پیدا ہو تو یہ ممتنع اور محال لازم آوے مثلاً ناحق فیہ میں یا عجز حضرت حق تبارک
وتعالیٰ لازم آوے یا کذب بالخواسواسطے کہ توجہ قدرت طرف ممتنع بالذات کی
باطل ہے اور یہاں اوسکی نسبت یہ کہنا کہ ہم پاس عزت نہالی اوسکو نہیں کرتے یا عجز کی
اور سبب عقلی ہے یا صفت کی نفی اور نقائص یا صفت کا احسان تعالیٰ اللہ عن
ذالک علواً کبیرا نعوذ باللہ منہا پس واضح ہوا کہ ایسا ممکن [illegible] یعنی ممتنع بالغیر امکان
استعدادی سے ساحت [illegible] میں بوجہ مذکور نہیں ظہور کر سکتا اقتداراً و اختیاراً
منہ تعالیٰ نہ بڑا حقیقتہ نہ بڑا اضافتہ پس ہرگاہ یہ گروہ صاحبان مذکور ثبت

خواتم نسبت فعلیہ میں ہوئی تو جو دہنا قص ہیں اپنے عقیدہ مذکورہ سے جو کہ امکان
استعدادی تہا جیسا کہ گذرا اور جو کہ صرف نا بالفعلیۃ ہے سلسلہ ممکنات سے
صرف نا بالامکان الاستعدادی القوۃ نہیں علی ہذا القیاس عکس اوسکا یعنی جو صرف
نا بالامکان الاستعدادی والقوۃ ہی ہے سلسلہ مذکورہ سے صرف نا بالفعلیۃ نہیں
ہو سکتا لیس فعلیہ نظیر آنحضرت صلعم جو ممتنع بالغیر ہے بالحقیقۃ والاضافۃ بدلیل عدم
قولہ تعالیٰ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین بلا تخصیص الحقیقۃ والاضافۃ عقلاً و شرعاً
باطل ہے وکذا ان القول بالخاتمیۃ الاضافیۃ کان ہباءً منثورا والحمد للہ علی ما ارانا
من الحق والصواب والیہ المرجع والمآب۔ اور ہماری عقیدہ کی تحقیق دربارہ امتناع
بالغیر جو مطابق عقیدہ حضرت مولانا محمد اسمٰعیل شہید ہے وہ ایک قسطاس مستقل
میں موجود ہے فقط قسطاس مستقیم دو دو دیکھو اور منجملہ تفصیل ذکور جملہ شاق ان
عبارتنا مذکورہ ہے کہ حدیث حضرت ابن عباس جو حسین ان سفیقیون سے دایم
کی ہے اوس سے ہی یہ ہی مطلب جس کو یہ کفر کہتی ہیں ثابت ہوتا ہے ہم انہی
میں ہی کہ سکتے ہیں کہ تشبیہ کس بات میں ہے اوس شق کو متعین کرو جسکو تھوڑا سا
لگاؤ علم سے ہوگا سمجھ لیگا کہ مقصود اس کلام سے بیان سلسلہ کا ہے جس طرح اس
زمین میں آدم اول الانبیاء اور نوح اور ابراہیم اور خاتم الانبیاء ہوئی ہیں اور طبقوں میں
بھی اسیطرح گذرے ہیں اور جو تاویل قسطلانی نے لکھی ہے وہ محض غلط ہے
یہیں جانا چاہیئے کہ اول تو ہمنے نسبت سند اس اثر کے جیدان کلام نہیں کی سلف
علماء نے اسمیں بہت کلام کی ہے خصوص علماء مکہ معظمہ نے حرسہا اللہ تعالیٰ
عن کلہا اوسکو سنداً و متناً معنیً و مراداً نے وجود کر دیا منجملہ اونکی جو گروہ عالم میں
ہر دو مذہب کے چاروں مفتی از انجملہ شیخ عبدالرحمان سراج جو پیشیر میں مفتی
شیخ عبداللہ سراج حنفی رحمۃ اللہ علیہ کے جو اعاظم فضلاء حرمین شریفین سے ہے فقیر

نے سنہ ۱۲۶۱ ہجری قدسی صلعم میں شرف زیارت مکہ معظمہ حاصل کیا ازانجا کہ استاد
فقیر حضرت مولانا الحاج شہرۂ آفاق محمد اسحاق محدث رحمۃ اللہ علیہ سے اونکی محامد
مناقب فضایل وکمالات ہمیشہ سنتا تہا اور باہم اونکی کمال اخلاص تہا لہذا بمرتبۂ
خصوصیت ہمراہ جناب حافظ مولوی محمد محتشم مرحوم پہلتی داماد حضرت استاد معدن
المناقب والمفاخر کی اونکی خدمت میں یعنی شیخ عبد اللہ سراج کی حاضر ہوا اونہوں
نے تقریب بدین الفاظ کی کہ یہ ہماری شیخ کے اخص تلامذہ میں سے ہیں دونوں
نے فرمایا کہ ہماری بہی اخص تلامذہ سے ہیں مینے عرض کیا کہ مجکو سند حدیث شریف
اجازۃ اور وجادۃ عنایت ہو جیسا اپنی شیخ ممدوح سے حاصل ہے فرمایا
کہ ہماری طرف سی بہی اجازت ہے مجکو تم پر اطمینان ہے جیسی ہماری شیخ و استاد
کو تم پر اطمینان ہے پہر فقیر مدینہ منورہ کو روانہ ہوا اونکی صحبت علیل ہوئی اب چندے
بعد پہونچنے فقیر کے ہندوستان میں اپنی وطن میں خبر وفات شیخ عبد اللہ سراج مرحوم
آئی اور فتوی مذکور شیخ عبد الرحمان مذکور کا ہے اور باقی سب علماء کی تصدیق
ہے ازانجملہ مصدقین جناب فضیلت مآب مولوی رحمۃ اللہ صاحب ہندی مہاجر
کیرانوی ہے سلمہ اللہ تعالے وعافاہ ورزقنا لقیاہ فتوی مذکور بعبارت عربی مطابع
مطبع مصری ہندوستان میں پہونچا ہی فقیر نے از اول تا آخر اوسکا بنظر ہی ملاحظہ کیا ہے
لہذا اوس حنفی اثر مذکور میں جو بعض علماء ہندوستان نے مانند صاحب دافع الوسواس
وغیرہ بعض افاضل نے اور صاحب نصر المومنین فی رد قول المجانین نے کلام ہی کیا ہے بنہایہ مختصر
بات درباره سند اثر مذکور یعنی اثر حضرت ابن عباس رض یہ ہی کہ میں کہتا ہوں کہ اوسکی
سند میں ابو الضحی ہی اوسی میں تابعین اونکی اور حضرت ابن عباس رض کے بہت تفاوت
رویۃ ہے اور فاصلہ ہے پس اثر مذکور میں تعلق انقطاع ہے اتصال سند نہیں
ہرگاہ وصل خبر میں انقطاع مضر ہے مانع اعتبار ہے تو اثر میں تو اوسکا اثر بطریق اولی

ہے اور عذر عادم مضرۃ شاذ و غرابتہ وغیرہ اسباب تضعیف جو کاکت دربارۂ فضائل
جستری اور فضائل جو نزد محدثین معتبر ہے وہ درصورت اتصال سند ہے نہ بصورت
انقطاع سند باوجود یکہ ہرگونہ قابل اعتبار نہیں براہ سند مگر بنظر متن بطریق تنزل کلام
